THE
SENATE OF PAKISTAN
DEBATES

OFFICIAL REPORT

Monday, the October 19, 2026
(364th Session)
Volume VIII, No.02
(Nos.)

Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad

Volume VIII SP. VIII(02)/2026
No. 02 04

Contents

1. Recitation from the Holy Quran 1
2. Recitation of Naat 2
3. Leave of Absence 2
4. FATEHA 3
5. Condolence resolution moved by Senator Shahadat Awan, expressing profound grief and sorrow over the sad demise of former Senator Taj Muhammad Afridi 4
6. Condolence resolution moved by Senator Shahadat Awan, expressing profound grief and sorrow over the sad demise of former Senator Lt.Gen. (Retd) Jamal Saeed Mian 5
7. Introduction of [the family courts (amendment) Bill, 2026] 6
8. Introduction of [The National Tree Protection and Ecological Justice Bill, 2026]. 7
9. Introduction of [The Federal Prosecution Service (Amendment) Bill, 2026] 7
10. Introduction of [The Federal Prosecution Service (Amendment) Bill, 2026] 8
11. Introduction of [The Pakistan Telecommunication (Re-organization) (Amendment) Bill, 2026] 8
12. Introduction of [The Muslim Family Laws (Amendment) Bill, 2026] 9
13. Introduction of [The Private Security Guards (Protection of Rights and Welfare) Bill, 2026] 9
14. Introduction of [The Muslim Family Laws (Amendment) Bill, 2026]. (Amendment of Section 2 and insertion of new section 10A). 10
15. Introduction of [The Islamabad Regulation and Control of Disposable Syringes Bill, 2026] 11
16. Introduction of [The Policy Continuity, Economic Predictability and National Planning Framework Bill, 2026] 12
    - Senator Raja Nasir Abbas (Leader of the Opposition) 13
    - Dr. Tariq Fazal Chaudhary, Minister for Parliamentary Affairs 21
17. Consideration of [The Passport (Amendment), Bill, 2026] 26
18. Consideration and Passage of [The Passports (Amendment) Bill, 2026] 28
    - Senator Manzoor Ahmed 31
    - Senator Abid Sher Ali 33
    - Senator Faisal Saleem Rehman 35
    - Senator Nasir Mehmood 37
    - Senator Muhammad Tallal Badar, Minister of State for Interior 37
    - Senator Azam Nazeer Tarar 45
    - Senator Dilawar Khan 46
19. Consideration and passage of [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2024] 49
20. Consideration of [The Criminal Laws (Amendment) (Honour Killings Prevention) Bill, 2026] 51
    - Senator Shahadat Awan 61
21. Consideration of [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2026] 62
    - Senator Faisal Saleem Rehman 68
    - Senator Jan Muhammad 68
    - Mr. Aqeel Malik, State Minister for Law and Order 69
22. Pointing out of Quorum 69

SENATE OF PAKISTAN
SENATE DEBATES

Monday, the October 19, 2026

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at thirty minutes past four in the evening with Mr. Chairman (Syed Yousaf Raza Gilani) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿٩﴾ وَاَنْفِقُوْا مِنْ مَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَيَقُوْلَ رَبِّ لَوْلَآ اَخَّرْتَنِيْٓ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ فَاَصَّدَّقَ وَاَكُنْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿١٠﴾ وَلَنْ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا ۭ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿١١﴾

ترجمہ: اے ایمان والو! تمہاری دولت اور تمہاری اولاد تمہیں اللہ کی یاد سے غافل نہ کرنے پائیں۔ اور جو لوگ ایسا کریں گے، وہ بڑے گھاٹے کا سودا کرنے والے ہوں گے۔ اور ہم نے تمہیں جو رِزق دیا ہے، اُس میں سے (اللہ کے حکم کے مطابق) خرچ کر لو، قبل اس کے کہ تم میں سے کسی کے پاس موت آ جائے تو وہ یہ کہے کہ اے میرے پروردگار! تو نے مجھے تھوڑی دیر کے لئے اور مہلت کیوں نہ دے دی کہ میں خوب صدقہ کرتا، اور نیک لوگوں میں شامل ہو جاتا۔ اور جب کسی شخص کا معین وقت آ جائے گا تو اللہ اُسے ہرگز مہلت نہیں دے گا، اور جو کچھ تم کرتے ہو، اللہ اُس سے پوری طرح باخبر ہے۔

(سورۃ المنٰفقون: آیت ۹ تا ۱۱)

Recitation of Naat

یہ آرزو نہیں کہ دعائیں ہزار دو

پڑھ کے نبی ﷺ کی نعت لحد میں اتار دو

میرے کریم میں تیرے در کا فقیر ہوں

اپنے کرم کی بھیک مجھے بار بار دو

یہ جان بھی ظہوری نبی ﷺ کے طفیل ہے

اس جان کو حضور ﷺ کا صدقہ اتار دو

پڑھ کے نبی ﷺ کی نعت لحد میں اتار دو

Leave of Absence

Mr. Chairman: Senator Asad Qasim has requested for the grant of leave for 16th and 19th October, 2026 during the current session due to personal engagements. Is leave granted?

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Senator Anusha Rahman Ahmad Khan has requested for the grant of leave from 13th to 16th October, 2026 during the current session due to personal engagements. Is leave granted?

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Senator Saifullah Sarwar Khan Nyazee has requested for the grant of leave for 13th October, 2026 during the current session due to personal engagements. Is leave granted?

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Senator Muhammad Azam Khan Swati has requested for the grant of leave from 13th to 21st October, 2026 during the current session due to personal engagements. Is leave granted?

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Senator Faisal Saleem Rehman has requested for the grant of leave from 13th to 16th October, 2026 during the current session due to visit abroad. Is leave granted?

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Senator Mashal Azam has requested for the grant of leave for 13th and 14th October, 2026 during the current session due to personal engagements. Is leave granted?

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Senator Kamil Ali Agha has requested for the grant of leave for 16th October, 2026 during the current session due to personal engagements. Is leave granted?

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Senator Mohammad Ishaq Dar has requested for the grant of leave for 19th and 20th October, 2026 during the current session due to official visit abroad. Is leave granted?

(Leave was granted)

FATEHA

Mr. Chairman: The House may offer Fateha for the departed soul of Maj. Wajahat Waheed, who embraced shahadat during a clearance operation in Balochistan and for the departed souls of personnel of law enforcement agencies

who lost their lives in discharge of the duties in various incidents throughout the country.

(اس موقع پر ایوان میں فاتحہ خوانی کی گئی)

Mr. Chairman: We have lost two former colleagues, Senator Taj Muhammad Afridi and Senator Jamal Saeed Mian. As per our tradition, the House moves and passes condolence resolutions for them.

Condolence resolution moved by Senator Shahadat Awan, expressing profound grief and sorrow over the sad demise of former Senator Taj Muhammad Afridi

Senator Shahadat Awan: The House expresses its profound grief and sorrow over the sad demise of former Senator Taj Muhammad Afridi, who passed away on 12th June 2026 in a tragic road accident. He was elected to the Senate of Pakistan as an independent member from FATA in March 2015 till March 2021. During his tenure, he served as Chairman Standing Committee on States and Frontier Regions and also remained member of Senate Standing Committee on Information Technology and Telecommunications, Petroleum, Natural Resources, Railways, Defense Production and Parliamentary Affairs. He was a distinguished politician and a successful businessman. His contributions to the nation, particularly his efforts for the development and betterment of the people of FATA and Khyber Pakhtunkhwa, will always be remembered with great respect and admiration. He performed his parliamentary duties with sincerity and commitment and left behind a legacy of service, integrity and compassion. The services rendered by him would be long remembered and his loss will be deeply mourned and we share the loss sustained by his family and friends. The House expresses its deepest sympathies with the bereaved family and pray to the Almighty Allah to shower his infinite

blessings upon the departed soul. May his soul rest in eternal peace (Amen). A copy of this resolution may be sent to the bereaved family.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: Please, now move the resolution.

Condolence resolution moved by Senator Shahadat Awan, expressing profound grief and sorrow over the sad demise of former Senator Lt.Gen. (Retd) Jamal Saeed Mian

Senator Shahadat Awan: This House expresses its profound grief and sorrow over the sad demise of former Senator Lt. Gen. (Retd) Jamal Saeed Mian, one of the veteran members of Senate of Pakistan, who passed away on 15th October 2026. He was elected to the Senate of Pakistan as an independent member from FATA in March 1985 till March 1991. During his tenure, he served as a member of Standing Committee on Communication, Commerce, Industries and Production, Railways, Cabinet and Problems of Less Developed Areas. He had served as Minister for the States and Frontier Regions in the first formal Federal Cabinet and for the Water and Power in the government of Khan Muhammad Junejo from 28th January to 20th December 1996. He was a distinguished military officer and seasoned politician. His contributions to the nation, particularly his efforts for the development of FATA and Khyber Pakhtunkhwa, will always be remembered with great respect and admiration. He performed his parliamentary duty with sincerity and commitment and left behind a legacy of service, integrity and compassion. The services rendered by him would be long remembered and his loss will be deeply mourned and we share the loss sustained by his family and friend. The House expresses its deepest sympathies with the bereaved family and pray to the

Almighty Allah to shower its infinite blessing upon the departed soul. May his soul rest in eternal peace (Amen). A copy of this resolution may be sent to the bereaved family.

Mr. Chairman: I now put the resolution before the House.

(The resolution was adopted)

(Followed by T02…)

T02–19Oct2026 Ashfaq/ED: Mariam 04:40 pm

Mr. Chairman: I now put the resolution before the House.

(The resolution was adopted)

Mr. Chairman: The resolution is passed unanimously. I have an announcement to make. Former Senator Rozi Khan Kakar is sitting in the gallery, we welcome him. Order number 2, Leader of the Opposition,

میں ایک order کرلوں کیونکہ وزیر صاحب نے جانا ہے۔

Senator Sarmad Ali may move order No.2.

Introduction of [the family courts (amendment) Bill, 2026]

Senator Sarmad Ali: I move for leave to introduce a bill further to amend the Family Courts Act, 1964 [the family courts (amendment) Bill, 2026].

Mr. Chairman: Is it opposed? I now put the motion before the House.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The motion is carried and the leave to introduce the Bill is granted.

کہیں غلطی تو نہیں کر بیٹھا؟

Order No.3 Senator Sarmad Ali move order No.3.

Senator Sarmad Ali: I introduce the bill further to amend the Family Courts Act, 1964 [the family courts (amendment) bill, 2026].

Mr. Chairman: The Bill as introduced stands referred to the standing committee concerned. Order No.4, Dr. Zarqa Suharwardy Taimur may move order No.4.

Introduction of [The National Tree Protection and Ecological Justice Bill, 2026].

Dr. Zarqa Suharwardy Taimur: I move for leave to introduce a Bill to recognize, regulate and prevent the unlawful destruction of heritage trees and to give effect to the constitutional right to life and a healthy environment [The National Tree Protection and Ecological Justice Bill, 2026].

Mr. Chairman: Not opposed. I now put the motion before the House.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The motion is carried and the leave to introduce the Bill is granted. Order No.5, Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur move Order No.5.

Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur: I introduce the Bill to recognize, regulate and prevent the unlawful destruction of heritage trees and to give effect to the constitutional right to life and a healthy environment [The National Tree Protection and Ecological Justice Bill, 2026].

Mr. Chairman: The Bill as introduced stands referred to the Standing Committee concerned. Order No.6, Senator Khalil Tahir move Order No.6.

Introduction of [The Federal Prosecution Service (Amendment) Bill, 2026]

Senator Khalil Tahir: I move for leave to introduce a Bill further to amend the Federal Prosecution Service Act, 2023 [The Federal Prosecution Service (Amendment) Bill, 2026].

Mr. Chairman: Not oppose. I put the motion before the House.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The motion is carried and leave to the Bill is granted. Order No.7, Senator Tahir Khalil Sahib.

Introduction of [The Federal Prosecution Service (Amendment) Bill, 2026]

Senator Khalil Tahir: I introduce the Bill further to amend the Federal Prosecution Service Act, 2023 [The Federal Prosecution Service (Amendment) Bill, 2026].

Mr. Chairman: The Bill as introduced stands referred to the Standing Committee concerned. Order No.8, Senator Samina Mumtaz Zehri.

Introduction of [The Pakistan Telecommunication (Re-organization) (Amendment) Bill, 2026]

Senator Samina Mumtaz Zehri: I move for leave to introduce a Bill further to amend the Pakistan Telecommunication (Re-organization) Act, 1996 [The Pakistan Telecommunication (Re-organization) (Amendment) Bill, 2026].

Mr. Chairman: I now put the motion to the House.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The motion is carried. The leave to introduce the Bill is granted. Order No.9, Senator Samina Mumtaz Zehri.

Senator Samina Mumtaz Zehri: I introduce the Bill further to amend the Pakistan Telecommunication (Re-organization) Act, 1996 [The Pakistan Telecommunication (Re-organization) (Amendment) Bill, 2026].

Mr. Chairman: The Bill as introduced stands referred to the Standing Committee concerned. Order No.10, Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur.

Introduction of [The Muslim Family Laws (Amendment) Bill, 2026]

Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur: I move for leave to introduce a Bill further to amend the Muslim Family Laws Ordinance, 1961 [The Muslim Family Laws (Amendment) Bill, 2026].

Mr. Chairman: Is it opposed? I now put the motion before the House.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The motion is carried and leave to introduce the Bill is granted. Order No.11, Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur.

Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur: I introduce the Bill further to amend the Muslim Family Laws Ordinance, 1961 [The Muslim Family Laws (Amendment) Bill, 2026].

Mr. Chairman: The Bill as introduced stands referred to the Standing Committee concerned. Order No.12, Senator Sarmad Ali.

Introduction of [The Private Security Guards (Protection of Rights and Welfare) Bill, 2026]

Senator Sarmad Ali: I move for leave to introduce a Bill to regulate private security services and protect the rights, welfare, and working conditions of security guards within the Islamabad Capital Territory [The Private Security Guards (Protection of Rights and Welfare) Bill, 2026].

Mr. Chairman: Is it opposed? Not opposed, I now put the motion to the House. (Followed by T03…)

T03-19Oct2026 Tariq/Ed: Neelam 04:50 pm

Mr. Chairman: Is it opposed? Not opposed. I now put the motion before the House.

سینیٹر محمد طلال بدر (وزیر مملکت برائے داخلہ): Not opposed sir, یہ بہت اچھا Bill ہے۔

Mr. Chairman: Now I put the motion before the House.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: Leave to introduce the Bill is granted. Senator Sarmad Ali, please move Order No.13.

Senator Sarmad Ali: I, Senator Sarmad Ali introduce the Bill to regulate private security services and protect the rights, welfare, and working conditions of security guards within the Islamabad Capital Territory [The Private Security Guards (Protection of Rights and Welfare) Bill, 2026].

Mr. Chairman: The Bill as introduced stands referred to the Standing Committee concerned. Senator Syed Faisal Ali Subzwari, he is not present. Senator Sarmad Ali, please move Order No.16.

Introduction of [The Muslim Family Laws (Amendment) Bill, 2026]. (Amendment of Section 2 and insertion of new section 10A).

Senator Sarmad Ali: I, Senator Sarmad Ali, would like to move for leave to introduce a Bill further to amend the Muslim Family Laws Ordinance, 1961 [The Muslim Family Laws (Amendment) Bill, 2026]. (Amendment of Section 2 and insertion of new section 10A).

Mr. Chairman: Is it opposed? Not opposed. Now I put the motion before the House.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: Leave to introduce the Bill is granted. Senator Sarmad Ali, lease move Order No.17.

Senator Sarmad Ali: I, Senator Sarmad Ali, introduce the Bill further to amend the Muslim Family Laws Ordinance, 1961 [The Muslim Family Laws (Amendment) Bill, 2026]. (Amendment of Section 2 and insertion of new section 10A).

Mr. Chairman: The Bill as introduced stands referred to the Standing Committee concerned. Senator Samina Mumtaz Zehri, pleased move Order No.18.

Introduction of [The Islamabad Regulation and Control of Disposable Syringes Bill, 2026]

Senator Samina Mumtaz Zehri: I, Senator Samina Mumtaz Zehri, move for leave to introduce a Bill to provide for regulation of and control on the use of disposable syringes in the Islamabad Capital Territory [The Islamabad Regulation and Control of Disposable Syringes Bill, 2026].

Mr. Chairman: Is it opposed? Not opposed. I now put the motion before the House. Yes Minister for Parliamentary Affairs.

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری (وزیر برائے پارلیمانی امور): جناب چیئرمین! آپ کی اجازت سے میں shortly explain کر دیتا ہوں۔ جناب معزز سینیٹر صاحبہ نے جو Bill move کیا ہے اس پر already ہماری وزارت صحت نے وزیراعظم صاحب کی direction پر disposable syringes پر مکمل ban لگا دیا گیا ہے اور اس کے بعد cut-off date کو 30th December, 2026 مقرر کی ہوئی ہے جس میں syringes for single use ہوں گی۔ جناب ان کی direction already جاری ہو چکی ہے اور یہی معزز سینیٹر صاحبہ نے Bill move کیا ہے۔

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری: جناب اسے کمیٹی میں بھجوادیں، we will discuss it there, because I don't know, I wasn't told about this. Last time یہ Bill لگا تھا، اس کے بعد gape آیا ہے اور اب پھر لگایا ہے۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب ٹھیک ہے، آپ اسے کمیٹی کو بھجوادیں۔

Mr. Chairman: First I will move the motion before the House.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: Leave to introduce the motion is granted. Senator Samina Mumtaz Zehri, please move Order No.19.

Senator Samina Mumtaz Zehri: I, Senator Samina Mumtaz Zehri, introduce the Bill to provide for regulation of and control on the use of disposable syringes in the Islamabad Capital Territory [The Islamabad Regulation and Control of Disposable Syringes Bill, 2026].

Mr. Chairman: The Bill as introduced stands referred to the Standing Committee concerned. Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur, please move Order No.20.

Introduction of [The Policy Continuity, Economic Predictability and National Planning Framework Bill, 2026]

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: شکریہ، جناب چیئرمین! میں سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور تحریک پیش کرتی ہوں کہ بنیادی سرکاری پالیسیوں کے حوالے سے پالیسی کے تسلسل اور پارلیمانی نگرانی کے لیے قانون وضع کرنے کا بل، پالیسی تسلسل، معاشی پیش بینی اور قومی منصوبہ بندی فریم ورک بل، 2026 پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

Mr. Chairman: Is it opposed? Not opposed. I now put the motion before the House.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: Leave to introduce the Bill is granted. Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur, please move Order No.21.

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: میں سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور بنیادی سرکاری پالیسیوں کے حوالے سے پالیسی کے تسلسل اور پارلیمانی نگرانی کے لیے قانون وضع کرنے کا بل، پالیسی تسلسل، معاشی پیش بینی اور قومی منصوبہ بندی فریم ورک بل، 2026 پیش کرتی ہوں۔

Mr. Chairman: The Bill as introduced stands referred to the Standing Committee concerned.

منسٹر صاحب، یہ جو آگے سینیٹر عبدالقادر صاحب والا Bill آ رہا ہے، ابھی آپ نے move نہیں کرنا، ورنہ pass ہو جائے گا۔ آپ صرف اس پر بات کر لیں۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری (وزیر برائے پارلیمانی امور): بہت شکریہ، جناب چیئرمین! گزارش یہ ہے کہ جتنے بھی یونیورسٹیوں کے Bills introduce ہو رہے ہیں اس میں وزیراعظم صاحب نے ایک کمیٹی تشکیل دی ہوئی ہے جسے Deputy Prime Minister صاحب head کر رہے ہیں اور وہ دیکھ رہے ہیں کہ جو HEC کی requirements ہیں کیا وہ meet ہو رہی ہیں، وہ تمام یونیورسٹیاں جو نئے charter کے لیے یا تو یہاں سینیٹ میں Bill introduce کر رہے ہیں یا قومی اسمبلی میں، تو جناب میری گزارش ہو گی کہ اگر ایک ہفتے کے لیے اس Bill کو defer کر دیا جائے تو in the meanwhile ہمارا جو procedure laid down ہے اسے ہم ان شاء اللہ پورا کر لیں گے۔

جناب چیئرمین: اس بارے میں یہ ہے کہ میں آپ کی request پر defer کر رہا ہوں، چونکہ آپ کی private قسم کی understanding پارلیمنٹ پر لاگو نہیں ہو سکتی ہے تو اس لیے Parliament is supreme, تو میں نے کہا کہ اگر آپ کو کوئی understanding ہے تو I respect your understanding, مگر آپ پارلیمنٹ پر قدغن نہیں لگا سکتے ہیں۔ Due to respect, میں اسے defer کرتا ہوں۔

Dr. Tariq Fazal Chaudhary: Right sir and thank you.

جناب چیئرمین: یہ آخری ہے، چونکہ وزیر صاحب نے جانا تھا۔ جی. Leader of the Opposition.

Senator Raja Nasir Abbas (Leader of the Opposition)

سینیٹر راجہ ناصر عباس: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! آپ کا شکریہ۔ جناب میں چاہتا ہوں کہ کچھ اہم چیزوں کی طرف آپ کی اور اپنے colleagues کی توجہ دلواؤں۔ جناب آپ جانتے ہیں کہ گزشتہ 11 اکتوبر سے پاکستان کے عوام اور ان کے mandate پر جو حملہ

شروع ہوااور آخری کلنجر قلعہ بھی آپ نے فتح کر لیا۔ ایک ہی جگہ رہ گئی تھی جہاں پر عوام کی دو تہائی اکثریت سے منتخب حکومت موجود تھی، وہ بھی آپ کی آنکھوں میں کھٹکتی تھی، آپ کو برداشت ہی نہیں تھی اور آپ نے اسے بھی گرا دیا۔ بہانہ آئین اور قانون کا بنایا گیا۔ 12 اضلاع میں ایمرجنسی لگادی گئی اور باقی 25 اضلاع میں گورنر راج لگا دیا گیا اور یوں ایک صوبے کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا گیا۔ اس کی انتظامیہ بھی جدا ہو گئی، سنبھالنے والے بھی اور ذمہ دار بھی جدا ہو گئے۔

بعض جگہیں جس کا مجھے پتا ہے جہاں پر آپ نے لوکل سطح پر کمیٹیاں بنائی ہیں، انسان حیران رہ جاتا ہے کہ عوام کے elected نمائندوں کو ایک طرف پھینک کر آپ چنے ہوئے مخصوص لوگ جو ہمیشہ سے چاپلوسی کی آخری حدوں تک گئے ہوئے ہیں، آپ نے انہیں اپنی کمیٹیوں کا حصہ بنالیا اور ان کے ذریعے آپ اب کام چلائیں گے۔ عوام کے منتخب نمائندے ,irrelevant ان کی منتخب اسمبلی کا سپیکر اغوا، گرفتار، پتا نہیں کہاں لے گئے، وزرا گرفتار، وزیراعلیٰ گرفتار، آئے دن MPAs and MNAs کو اٹھایا جارہا ہے، گرفتار کیا جارہا ہے۔ ابھی جب میں آ رہا تھا تو مجھے پتا چلا کہ بنوں کے ایک MNA کو اٹھالیا گیا ہے۔ آپ ان MNAs کو اٹھا رہے ہیں، جیلوں میں ڈال رہے ہیں، ویسے بھی پاکستان ہمارے لیے جیل بن چکا ہوا ہے، پاکستان ہمارے لیے زندان بن چکا ہے، پاکستان ایک قید خانہ بن چکا ہے اور اسی کھلے قید خانے کی بجائے آپ ہمیں چھوٹی چھوٹی جیلوں میں بند کر رہے ہیں۔ آپ کے دل کو سکون اور چین نہیں مل رہا ہے، آپ سارے سیاست دان ہیں، میں حیران ہوں کہ سیاست دانوں کی توہین، تحقیر اور تذلیل پر آپ کیسے راضی ہوتے ہیں اور کس طرح سے برداشت کرتے ہیں۔ آپ اپنے آپ کو قانون اور آئین بنانے والا کہتے ہیں۔ قانون اور آئین کے misuse پر پتا نہیں خوش کیسے ہوتے ہیں، کیسے مطمئن ہوتے ہیں اور راتوں کی سوتے کیسے ہیں۔

ہم اس ظلم کے خلاف سراپا احتجاج ہیں جو خیبر پختونخوا کی حکومت اور عوام کے ساتھ ہوا ہے اور ہم ہر روز اس پر بولیں گے، اسے digest نہیں ہونے دیں گے۔ 08 فروری، 2024 کو آپ نے عوام کے mandate پر ڈاکہ ڈالا، لوٹا اور اس کے بعد اپنی وہ حکومت بنالی، جس کا نتیجہ وزیر صاحب نے کہا کہ پاکستان کا system collapse کر چکا ہوا ہے۔ یہ 08 فروری، 2024 کو عوام کے mandate پر ڈاکہ ڈالنے کا نتیجہ ہے، اقتصادی حالت بد سے بدتر ہو گئی ہے، غربت اور مہنگائی بڑھ رہی ہے، ملک تباہی اور بربادی کی طرف جارہا ہے، بدامنی میں اضافہ ہو رہا ہے، میں حیران ہوتا ہوں، میرے ساتھ بیٹھے بلوچستان کے colleagues ہیں ان کا وجدان اور ضمیر بھی کہتا ہے کہ بلوچستان میں امن وامان کی صورت حال بہت بدتر ہے۔ (جاری۔۔۔۔T04)

سینیٹر راجہ ناصر عباس: (جاری۔۔۔۔) کہ بلوچستان میں امن و امان کی صورت حال بہت بدتر ہے لیکن آپ pick and choose کیوں کرتے ہیں۔ کاش سیاست دان آگے آتے اور وہ فیصلے کرتے۔ سیاست دان جب کسی کے اشارے پر پتلی تماشہ بن جائے اور ناچنا شروع کر دیں تو پھر یہ مسائل حل نہیں ہوتے بلکہ بڑھتے اور بدتر ہوتے ہیں۔ یہ کہا جاتا ہے کہ سیاست دانوں نے پاکستان کو نقصان پہنچایا، نہیں بلکہ سیاست دانوں نے اس وقت نقصان پہنچایا جب وہ اپنی will, اپنی مرضی اور اپنے ارادے کو کھو بیٹھے اور robot بن گئے۔ اس لیے یہ جو کچھ خیبر پختونخوا میں ہوا ہے، یہ سراپا ظلم ہے۔ ہم ہر روز یہاں پر اس کے خلاف کھڑے ہوں گے اور گفتگو کریں گے کیونکہ ہمارا ایمان اور اعتقاد ہے اس بات پر کہ اس سے بچا جا سکتا تھا۔ اس سے بچاؤ ہو سکتا تھا، لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑ رہا ہے کہ ہم نے ان لوگوں کو مسلط کر دیا جن کو عوام نے ووٹ نہیں دیا اور elected نہیں ہیں۔ ان کے پاس عوامی مینڈیٹ نہیں ہے۔ زبردستی ان کو اپنے عوام پر مسلط کر دیا گیا ہے۔ جب عوام ساتھ نہیں ہوں گے تو آپ کی ایمرجنسی کامیاب ہو جائے گی اور آپ کے آپریشنز کامیاب ہو جائیں گے؟ عوام کو ناراض کر کے، ان کے اندر نفرت ڈال کر، کیا آپ صوبے کو اکٹھا رکھ سکیں گے؟ پورا پاکستان اس وقت سراپا احتجاج ہے۔ لوگ نفرت کر رہے ہیں۔ آپ پاکستان میں جائیں، public opinion چیک کر لیں۔ آزادانہ طور پر دیکھیں، پاکستان کی 90 فیصد عوام اس کو reject کرے گی۔ یہ ایسے فیصلے آپ نے کیے ہیں کہ جنہیں عوام پاؤں کے ٹوکر پر رکھتے ہیں۔ میں حیران ہوں کہ کس طرح ہم سیاست دان بھی کہلاتے ہیں اور آئین کو کوئی حرمت نہیں دیتے اور عوامی مینڈیٹ کو بھی کوئی اہمیت نہیں دیتے۔ یہ ہمارے پاؤں کے ٹوکر پر ہوتا ہے۔

جناب والا! اس وقت پاکستان اپنی تباہی و بربادی کی طرف جا رہا ہے۔ اس وقت پاکستان کی دونوں ایوان صحیح طرح سے functional نہیں ہیں، جیسے ہونا چاہیے تھا۔ میں حیران ہوں کہ ایک بندہ بھی Treasury Bench سے، جتنے بھی Budget سے، جتنے Bills آتے ہیں، جتنی Amendments آتی ہیں، حتیٰ کہ جو Emergency لگی ہے، اس کے خلاف بات نہیں کرتا، بولتا نہیں ہے، نعرہ نہیں لگاتا۔ عجیب ہے۔ یہ معصوم لے کر آتے ہیں۔ یہ خدا کی طرف سے آتا ہے کہ اس کے خلاف بات نہیں کر سکتے۔ نہ آئینی ترمیم میں، 26th اور 27th Constitutional Amendments کی، عدلیہ کا سارا استحکام ختم کر دیا۔ عدلیہ کو تماشا بنا دیا، لیکن Yes کرتے ہیں اور بس Yes کرتے ہیں۔ میرا ایک سوال ہے، اگر یہ 26th Amendment اور 27th Amendment صحیح تھیں اور درست تھیں

تولوگوں کو pressurize کیوں کیا جارہا تھا؟لوگوں کو پیسوں کی offer کیوں کی جارہی تھی؟ یہ ایسے کیوں تھااور یہ کون کر رہا تھا؟ہم سب کو پتا ہے۔ وہ Amendments جو پیسے دے کر، pressurize کرکے اور harass کرکے کرائی جائیں، کیاان کی آئینی طور پر کوئی حیثیت ہوتی ہے؟ جمہوری لوگوں کی نگاہ میں کوئی حیثیت ہوتی ہے؟ جمہوری لوگ تو ایسا ظلم اور ایسی زیادتی دیکھ کر تڑپ اٹھتے ہیں۔

اس کے علاوہ جناب چیئرمین ! اس وقت ہمارا پاکستان تین اطراف سے بند ہے اور سنا ہے چوتھی طرف سے بھی بند ہونے والا ہے، موسم کی وجہ سے China کے ساتھ بھی بند ہونے والا ہے۔ Afghanistan کے ساتھ پاکستان کا Border بند، India کے ساتھ بند، ان کے ساتھ ہماری دشمنی ہے۔ اسی طرح سے Iran کے ساتھ بھی بند ہو گیا ہے۔ ہمارا زمینی Border بند ہے۔ اسی طرح سے China کے ساتھ بھی weather کی وجہ سے بند ہو جائے گا۔ ایک ملک چاروں طرف سے بند، چاروں طرف اس کے Borders بند ہو جائیں تو وہ اقتصادی طور پر آگے بڑھ سکتا ہے؟ Afghanistan سے Central Asia تک جا سکتے ہیں، Iran کے ذریعے کہاں تک جا سکتے ہیں؟ لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ پاکستان کو چاروں طرف سے بند کر دیا گیا ہے۔ اس سے پاکستان جو پہلے ہی معاشی طور پر بحران کا شکار ہے، ہم کامیاب ہو جائیں گے؟ کیا یہ حل ہے کہ آپ آئیں اور MNAs کو اٹھائیں، Senators کو اٹھائیں، اسی طرح سے MPAs کو اٹھائیں، لوگوں کو جیلوں میں ڈالیں، جیلوں میں جو قیدی ہیں ان کو ان کے حقوق نہ دیں، جو سیاست دان ہیں ان کی بہنوں، بیویوں، سب کو اٹھائیں اور بہانہ یہ رکھیں کہ انہوں نے پہلے فلاں جگہ ہمارے ساتھ ایسے کیا تھا، اب ہم ایسا کر رہے ہیں۔ یہ کون سا جواز ہے؟ اگر ظلم تھا تو آپ ظلم کیوں کر رہے ہو؟ اگر وہ illegal تھا، تو illegal آپ کیوں کر رہے ہو؟ کیا جواز ہے آپ کے پاس؟ بالآخر ہم آئین کے سامنے بھی، قانون کے سامنے بھی، عوام کے سامنے بھی اور خدا کے سامنے بھی جواب دہ ہیں۔ کوئی انسان یہ سمجھتا ہے، قرآن خود کہتا ہے، **فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ۝ وَ مَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ**۔ قیامت کے دن جان نہیں چھوٹے گی، جو دیکھتے ہیں اس سے بھی، جو بولتے ہیں اس سے بھی نہیں۔ سب خدا کی بارگاہ میں جواب دہ ہیں، کوئی معصوم نہیں ہے۔ ہم سب سے غلطیاں ہو سکتی ہیں، ہم سب سے گناہ ہو سکتے ہیں، ہم سب خدا کی بارگاہ میں جواب دہ ہیں۔ لیکن یہ جو ہوا ہے اس ملک کے اندر، خدا گواہ ہے، سمجھ لیں یہ تباہی ہوئی ہے، بربادی ہوئی ہے۔ ایک پورے صوبے کو آپ نے دیوار کے ساتھ لگا دیا ہے اور آپ ان کا تمسخر اڑاتے ہیں۔ آپ کہتے ہیں باہر کیوں نہیں نکلتے ہو، کہاں چلے گئے ہو؟ لوگوں کا خاموش ہو جانا بھی بہت خطرناک

ہوتا ہے۔ جب وہاں کے جوان یہ سمجھیں گے کہ election کے ذریعے ہم اپنے حقوق حاصل نہیں کر سکتے، Courts سے حاصل نہیں کر سکتے، احتجاج نہیں کر سکتے، پھر وہ کہاں جائیں گے اور کیا کریں گے؟ آئندہ جو بھی تباہی اور بربادی ہوگی، KP کے اندر بدنامی بڑھے گی، جو کچھ بھی ہوگا، وہ لوگ ذمہ دار ہیں جنہوں نے اس کے حق میں vote دیا ہے۔ وہ جا کر وہاں بیٹھ گئے ہیں۔ پہلے ہی پاکستان کئی جگہ پر، اب GB آپ کے پاس سے چلا گیا، کشمیر چلا گیا، بلوچستان چلا گیا، سندھ چلا گیا، پنجاب چلا گیا، یہ بھی رہ گیا تھا، یہ بھی آپ نے نگل لیا، کھا لیا ہے، لیکن یہ گلے کی ہڈی بنے گی، نگل نہیں سکو گے، تم سمجھتے ہو تم نے نگل لیا ہے۔ یہ گلے کی ہڈی ہے، نہ نگل سکو گے، نہ اگل پھینکو گے۔ میں جو کہہ رہا ہوں، اپنے ضمیر اور وجدان کے مطابق کہہ رہا ہوں، کیونکہ یہ میرا مادر وطن ہے۔ ہم نے پاکستان سے باہر نہیں چلے جانا، نہ ہمارے پاس پاکستان سے باہر bank balance ہیں۔ اس لیے کہ پاکستان کے ساتھ کھلواڑ کیا گیا ہے، تباہی کی گئی ہے۔

دسمبر 1970 میں پاکستان کا الیکشن ہوا۔ عوام کے مینڈیٹ کو قبول نہیں کیا گیا۔ آپ کا پاکستان ٹوٹ گیا۔ بنگالی جدا ہو گئے۔ دیکھ لیں، یہ بہت خطرناک ہے۔ بلوچستان میں بلوچ علاقے میں بلوچوں کی اکثریت ہے۔ خیبر پختونخوا میں پشتونوں کی اکثریت ہے۔ قوموں کو دیوار کے ساتھ مت لگائیں۔ آپ نے بنگالیوں کا مینڈیٹ چھینا، بنگال آپ سے جدا ہو گیا۔ وہ بھی ایک قوم تھے۔ قوموں کو دیوار کے ساتھ مت لگائیں۔ پاکستان ایک رضاکارانہ Federation ہے۔ لوگوں نے اپنی مرضی سے کہا تھا کہ ہم پاکستان کا حصہ بنیں گے، اس آئین کی روشنی میں، یہ پاکستان وہ نہیں ہے جو 1947 میں بنا تھا، بلکہ یہ 1972 والا پاکستان ہے، جو ٹوٹنے کے بعد بنا تھا۔ ہم نے اس سے عبرت حاصل نہیں کی، ہم نے اپنی غلطیوں سے کچھ نہیں سیکھا۔ پھر ہم وہی کام کر رہے ہیں جو 1970 اور 1971 میں کیے تھے۔ ہم دوبارہ اسی راستے پر چل پڑے ہیں۔ 1971 کے بعد 1972 میں جو پاکستان بنا، یہ وہ پاکستان نہیں ہے۔ اس کا ایک آئین بنایا گیا اور ہم آئین کے تحت رضاکارانہ طور پر ایک Federation بنے۔

بلوچستان کے لوگ ہزاروں سال سے ہیں اور پاکستان سے پہلے سے ہیں۔ سندھی پہلے سے ہیں، پنجابی پہلے سے ہیں، بلوچ پہلے سے ہیں، پشتون پہلے سے ہیں۔ دوستو! ان کی اپنی تاریخ، اپنی روایت، اپنا کلچر، اپنی تہذیب اور اپنی زبان ہے۔ اس بات کو سمجھیں۔ کاش، جناب چیئرمین! آپ ہمارے لیے classes رکھتے اور ہمیں geopolitics پڑھاتے۔ یہاں ہمیں معاشروں کی نفسیات، Sociology تاریخ اور کلچر پڑھایا جاتا تاکہ ہم آگاہ ہوتے کہ جب قانون سازی کر رہے ہیں تو اس کے معاشرے، نوجوانوں، سیاست، معیشت اور نظام پر کیا نقصانات ہوں گے۔ ہمیں پتا ہی نہیں ہے۔ ہم ایسے سمجھتے ہیں کہ ایک sign کر دیا، yes کر دیا اور بات ختم ہو گئی۔ حالانکہ بعض اوقات آپ کا ایک yes تباہی اور بربادی

لے کر آتا ہے۔ کاش، ہمارے لیے classes ہوتیں اور ہمیں پڑھایا جاتا یا ہم خود پڑھتے۔ ہمارے courses ہوتے، ہم پاکستان کی geopolitics پڑھتے، پاکستان کی strategic location پڑھتے، پاکستان کو درپیش threats پڑھتے، اپنے اطراف کو پڑھتے اور دنیا کے حالات کا مطالعہ کرتے کہ ہم کس حال میں رہ رہے ہیں۔ ایسے ہی آ کر yes کر دینا اور کچھ نہ پڑھنا، بالکل ابھی ایسے ہی ہوا ہے۔ Bill کسی نے نہیں پڑھا، yes ہو گیا۔ کسی نے دیکھا ہی نہیں کہ اس کے پیچھے کیا ہے۔ جناب چیئرمین! آپ کو اس روایت کو روکنا چاہیے تھا۔ اب ہم نے جو بھی ترامیم کی ہیں یا جو بھی فیصلے کیے ہیں "مل کر"، ان سب کے دوران اسلام آباد میں مل کر ہمارے مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈالا گیا اور حملہ ہوا۔ ہمارے صوبے پر حملہ کیا گیا ہے۔ اب ہم کہتے ہیں کہ بولتے کیوں نہیں ہو، بلوں سے نکلو اور فلاں جگہ سے نکلو۔ یہ سیاست دانوں کی زبان ہوتی ہے۔ اس طرح اپنے مخالفین کو للکارا جاتا ہے اور لوگوں کو اکسایا جاتا ہے۔ جب لوگ نکل آئے، خدانخواستہ، تو پھر آپ کہاں جائیں گے؟ پہلے ہی بلوچستان آپ سے نہیں سنبھالا جا رہا اور اب آپ صوبہ خیبر پختونخوا کے ساتھ بھی ایسا کرنا چاہتے ہیں تاکہ پورے ملک میں آگ لگے اور تباہی و بربادی ہو۔ جناب والا! اس ایوان کو اس معاملے کا نوٹس لینا چاہیے۔

اسی طرح دنیا کے حالات کو دیکھیں۔ حالات بدل رہے ہیں۔ پاکستان کی سرحدیں چاروں طرف سے بند ہیں اور اس خطے پر دوبارہ جنگ کے سائے منڈلا رہے ہیں۔ ایران، امریکہ اور اسرائیل کی جنگ کا معاملہ مزید آگے بڑھنے والا ہے۔ دنیا میں باتیں ہو رہی ہیں کہ حملہ شروع ہونے والا ہے۔ یمن اور سعودی عرب کی لڑائی بھی بہت خطرناک ہے۔ جناب والا! ہم اس معاملے میں بھی شامل ہو گئے ہیں۔ پارلیمنٹ کو کچھ پتا ہی نہیں ہے۔ کوئی In-camera Joint Session نہیں ہوا۔ ہمیں نہیں بتایا گیا کہ کن شرائط کی بنیاد پر اور کیوں ہم وہاں گئے ہیں۔ اسی پارلیمنٹ کے اندر 2015 میں Joint Session کے دوران متفقہ طور پر قرارداد پاس کی گئی تھی۔ (جاری۔۔۔۔۔T05)

T05-19 Oct2026 Taj/Ed. Neelum 05:10 pm

سینیٹر راجہ ناصر عباس: (جاری۔۔۔۔۔) 2015 میں متفقہ طور پر قرارداد pass کی گئی تھی کہ ہم نے وہاں نہیں جانا ہے، جنگ کا حصہ نہیں بننا ہے، اس conflict کا حصہ نہیں بننا ہے اور اس کو کیسے آپ نے violate کیا ہے۔ ہم نے کس سے پوچھا ہے؟ یمن کے لوگ بھی مسلمان ہیں۔ جناب والا! یمن کی جنگ کو صحیح طرح سے یہاں پر بتایا جائے۔ ہمیں یمن اور سعودی عرب کے حوالے سے یہاں پر باقاعدہ بریفنگ بھی دیں۔ ان کے حوالے سے میں دو باتیں کرنا چاہتا ہوں، اپنی شرعی تکلیف سمجھتا ہوں۔ جناب چیئرمین! وہ حسنی سادات ہیں۔ آپ بھی حسنی سید

ہو۔ وہ امام حسن علیہ السلام کی اولاد ہیں یعنی جناب امام علی یا جناب فاطمتہ الزہرہ کی اولاد ہیں، حسن پاک کی اولاد ہیں۔ امام حسن علیہ السلام کے بیٹے حسن مسنہ کی اولاد ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے ان علاقوں میں ایک ہزار سال حکومت کی ہے، 1962 تک حکومت کی ہے۔ ایک ہزار سال حکومت کی ہے، وہ باغی نہیں ہیں۔ وہ سارے سادات ہیں۔ وہ غیر مسلم نہیں ہیں، وہ مسلمان ہیں۔ ہم جس کو چاہیں غیر مسلم کہیں، جس کو چاہیں مسلمان کہیں۔ کون ہوتے ہیں آپ رسول پاک ﷺ کی اولاد کو غیر مسلم کہنے والے؟ انہیں باغی کہنے والے۔ وہ باغی نہیں ہیں۔ وہ اپنے وطن میں ہیں۔ان پر حملہ ہوا ہے۔وہ بات چیت کرنا چاہتے ہیں۔ پاکستان کو request کرتے ہیں۔ میں نے وزیراعظم صاحب کو بھی خط لکھا کہ mediation کریں۔ میں نے وزیر خارجہ صاحب کو بھی کہا کہ mediation کریں۔ وہ mediation کی باتیں کرتے ہیں۔ ہمیں suit یہ کرتا ہے کہ ہم mediation کریں اور اس جنگ کو رکوائیں۔ ہمیں یہ زیب نہیں دیتا کہ ہم دو مسلمان ملکوں کے درمیان جنگ کا حصہ بنیں۔ ہم جنگ کا حصہ نہیں بن سکتے۔ خدانخواستہ اگر جنگ کا حصہ بنیں تو تباہی و بربادی کے علاوہ کچھ نہیں ہے۔ کسی سے پوچھا ہی نہیں جاتا۔ پتا نہیں کون خارجہ پالیسی بنا رہا ہے۔ پارلیمنٹ کو پتا ہی نہیں ہے۔ سینیٹ اور قومی اسمبلی کو پتا ہی نہیں ہے۔ ہمیں پتا ہی نہیں ہے۔ لہٰذا، میری گزارش یہ ہے کہ یہ حساس مسئلہ ہے۔ پاکستان کے borders بند ہیں، ہم معاشی بربادی کی طرف جا رہے ہیں۔ سیاسی بحران، امن وامان کا بحران، معاشی بحران بد سے بدتر ہوتا چلا جا رہا ہے اور ہم ایک اور جنگ کا حصہ بننے جا رہے ہیں۔ وہاں پر نہ جائیں۔ میری گزارش ہے کہ خدا کے لیے اس جنگ کا حصہ نہ بنیں۔ کوئی خانہ کعبہ اور مکہ مدینہ پر حملہ نہیں کرنا چاہتا۔ کوئی نہیں کرے گا۔ وہ رسول پاک کی اولاد ہیں۔ وہ سادات ہیں، وہ کبھی یہ جرم نہیں کریں گے۔ وہ کعبہ کے محافظ ہیں۔ ان کی نسل پڑھیں۔ 37 سلسلوں سے ان کا رشتہ جا کر مولا علی اور جناب فاطمۃ الزہرہ سے ملتا ہے۔ وہ کوئی اجنبی لوگ نہیں ہیں۔ کوئی بے نسب لوگ نہیں ہیں، بے حسب لوگ نہیں ہیں۔ ان کا ایک شجرہ ہے۔ جن کی اولاد کو ایک ایک بندہ جانتا ہے، نجف سے، کربلا سے، ایران سے پوچھیں جو سادات کا شجرہ دیتے ہیں۔ انہوں نے ہی ان کے شجرے نشر کیے ہیں۔ اس لیے اس کو فرقہ واریت کا مسئلہ نہ بنائیں۔ حوثی جو وہاں پر ہیں، جنہیں آپ حوثی کہتے ہیں، حوث تو گاؤں کا نام ہے جیسے لاڑکانہ ایک جگہ کا نام ہے، جس طرح صدر صاحب کا علاقہ لاڑکانہ ہے، پیپلز پارٹی ان کی پارٹی ہے، یہ لاڑکانہ کی پارٹی نہیں ہے، پاکستان کی پارٹی ہے۔ ان کا نام انصار اللہ ہے، حوث ان کا گاؤں ہے، ٹاؤن ہے، ضلع ہے، جو بھی کہہ لیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ پاکستان بیٹھے۔۔۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: پاکستان بیٹھے، آئے، پاکستان mediation کرے، صلح کا role اپنائے۔ یہ پاکستان کا حق بنتا ہے۔ یہ ہونا چاہیے۔ دو مسلمانوں میں لڑائی ہو تو صلح کرانی چاہیے۔ پارٹی نہیں بننا چاہیے۔ ہمارے اقتصادی مشکلات ہیں، معاشی مشکلات ہیں لیکن ایسے فیصلے نہ کریں جس کے نتیجے میں ہم تباہ و برباد ہو جائیں۔ خدا کے لیے اس طرف نہ جائیں۔ جناب چیئرمین! میری گزارش ہے کہ یمن کے بارے میں باقاعدہ ایک مشترکہ اجلاس ہونا چاہیے۔ اور پاکستان کے جو بارڈرز بند کر دیے گئے ہیں، ان کے بارے میں ایک in camera اجلاس ہونا چاہیے، ہمیں بتایا جائے کہ کیا ہو رہا ہے۔آپ نے ایران کا بارڈر کیوں اور کس وجہ سے بند کیا ہے؟ افغانستان کا بارڈر بند ہے۔ پہلے بتلاتے ہیں، پاکستان کے لوگ کہتے ہیں کہ افغانستان کے ذریعے 1.7 billion dollars کا ہمارا trade تھا۔ ہم سنٹرل ایشیا تک جاتے تھے، وہ آج بند ہے۔ جب مہنگائی ہو گی، پیسے نہیں ہوں گے، کاروبار نہیں ہوں گے تو لوگ کیا کریں گے، کدھر جائیں گے؟ خدا کے لیے چیزوں کو سمجھنا چاہیے اور اس طرف آنا چاہیے۔

بہر حال، جو بھی 11 فروری کو ہوا اور اس کے بعد مشترکہ اجلاس میں بیٹھ کر اس کو yes کیا گیا۔ یہ قابل مذمت ہے۔ یہ پاکستان سے دشمنی ہے۔ صوبہ چھین کر، mandate چھین کر عمران خان کو آپ اس طرح سے irrelevant نہیں کر سکتے۔ اس سے آپ اپنی جان نہیں چھڑا سکتے۔۔۔

جناب چیئرمین: شکریہ، مہربانی۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: اور اگر آپ چاہتے ہو کہ ہم اس طرف جائیں اور نشان عبرت بنائیں، اس کو نشان عبرت بناتے بناتے پاکستان کو اور اپنے آپ کو بنالوگے۔ خدا کے لیے یہ نہ کرو۔ ہر ایک میں potential ہے، آپ میں، ان میں، ہر ایک کے potential سے پاکستان کے لیے فائدہ اٹھاؤ۔ یہ پاکستان کے بیٹے ہیں، کوئی غیر نہیں ہیں، پاکستان کے دشمن نہیں ہیں۔ اس لیے اپنے لوگوں کو پہچانو اور اس سے استفادہ کرو۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: بہت مہربانی۔ میں صرف آپ سے گزارش کروں گا کہ آج Private Members' Day ہے۔ یہ جو ایجنڈا ہے، اس کے 21 items ہم کر چکے ہیں تو قائد حزب اختلاف کو میں نے کہا تھا کہ وزرا نے جانا ہے، آج Private Members' Day ہے جو کہ important ہے۔ تو ان کو موقع دیں تاکہ ان کے جانے سے پہلے وہ کچھ بول لیں۔ آپ نے کوئی بات کرنی ہے، جواب دینا ہے۔ جی۔

Dr. Tariq Fazal Chaudhary, Minister for Parliamentary Affairs

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری (وزیر برائے پارلیمانی امور): شکریہ، جناب! معزز قائد حزب اختلاف نے جو آج ایوان میں گفتگو فرمائی ہے، اس حوالے سے چند نکات کی وضاحت ضروری ہے اور میں کوشش کروں گا کہ مختصر بات کروں۔ جناب! ایک تو سب سے پہلی بات یہ ہے کہ انہوں نے اپنی گفتگو کا آغاز اس بات سے کیا کہ ایک غیر آئینی طریقے سے ایک حکومت کو ختم کیا گیا ہے تو گزارش یہ ہے کہ Article 232 اور Article 234 Constitution of Islamic Republic of Pakistan کے دو Articles ہیں۔ انہیں صدارتی فرمان کے ذریعے invoke کیا گیا ہے اور اس کے بعد پارلیمنٹ نے مشترکہ اجلاس کے ذریعے بھی اور الگ الگ بھی ان دونوں Articles کی یہاں پر توثیق کی ہے۔ لہٰذا، ایمرجنسی کے نفاذ کی اور Article 234 کے تحت گورنر راج کے نفاذ کی جو Constitutional requirements تھیں، وہ بالکل آئینی ہیں اور آئینی طریقے سے ہی انہیں invoke کیا گیا ہے۔

جناب چیئرمین! دوسری بات یہ ہے کہ یہ emergency invoke کرنے کی ضرورت کیوں پیش آئی، اس کی جو بنیادی وجہ ہے وہ خیبر پختونخوا میں جو پی ٹی آئی کی حکومت تھی، ان کی نااہلی، ان کی دہشت گردی کی جنگ میں عدم تعاون اور اس کے بعد صوبائی حکومت کے آئینی اختیارات کے تحت وہاں پر ذمہ داری ادا کرنی ہوتی ہے، اس سے قطعی طور پر لاتعلّقی ہے۔ تو لہٰذا جیسے اس دن چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے قومی اسمبلی میں اپنی تقریر میں فرمایا کہ یہ پاکستان تحریک انصاف کا اپنی حکومت پر ایک سیاسی خودکش حملہ تھا۔ جناب چیئرمین! وہاں پر کوئی ایسے حالات نہیں ہیں جن کی وجہ سے وہاں پر وفاقی حکومت ایمرجنسی لگانے کی جلدی تھی۔ وہاں پر جو situation ہے، وہ بڑی challenging ہے اور آپ کہہ رہے ہیں کہ وہاں پر عوام کو دیوار سے لگایا گیا ہے۔ دیوار سے تو عوام کو آپ نے وہاں پر 12 سال سے لگایا ہوا ہے۔ اگر وہاں پر امن نہیں ہوگا، جس کی آپ بات کر رہے ہیں، وہاں پر ترقی اور خوشحالی کی بات کر رہے ہیں، اسکے لیے سب سے زیادہ ضروری چیز امن ہے۔ وہاں پر امن دہشت گردی کی وجہ سے خراب ہے، جس کے ساتھ آپ لوگوں نے مکمل طور پر، متعدد بار وفاقی اداروں کے ساتھ عدم تعاون کیا۔ ہمارے وزیر داخلہ نے متعدد بار جا کر وزیر اعلیٰ سے بات کی، انہیں سمجھایا، ان سے جس سول انتظامیہ کے تعاون کی ضرورت تھی، انہوں نے یکسر اس کو مسترد کر دیا۔ تو یہ وہ وجوہات بنیں جن کی وجہ سے وہاں پر ایمرجنسی کا نفاذ ہوا۔ اور آپ نے یہ بھی فرمایا کہ وہاں پر جو ٹیم ہے، وہ

سارے خوش آمدی ہیں، فلاں ہے۔ اپنے اپنے محکموں کے جو سب سے بہترین technocrats تھے، وہ اس وقت Advisory Council کے ممبر ہیں۔۔۔

Mr. Chairman: Thank you.

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: یہ بات بالکل clear ہونی چاہیے کہ کسی بھی سیاسی جماعت نے وہاں پر اپنے نمائندے مقرر نہیں کیے، پاکستان پیپلز پارٹی کا، PML (N) کا وہاں پر کوئی Adviser نہیں ہے۔ وہ سارے اپنے اپنے محکموں کے بہترین لوگ ہیں جو وہاں پر کام کر رہے ہیں اور ان شاء اللہ تعالیٰ کریں گے۔ جناب چیئرمین! یہ ہمیں بہت اچھے طریقے سے پتا ہے کہ اس وقت ہمارے پاس۔۔۔

Mr. Chairman: Please wind up.

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب! ایک، ڈیڑھ منٹ بات کروں گا۔ اس وقت ہمارے پاس وہاں کامیابی کے علاوہ اور کوئی option نہیں ہے۔ یہ وفاقی حکومت بہت اچھے طریقے سے جانتی ہے اور ان شاء اللہ تعالیٰ وہاں پر امن کے قیام تک دہشت گردوں کے خلاف جنگ لڑی جائے گی۔ وہاں پر صوبائی انتظامیہ اس وقت تعاون کرے گی۔ پہلے مرحلے میں ان 12 اضلاع کو clear کیا جائے گا اور اس کے بعد وہ سول انتظامیہ کے حوالے ہوں گے۔ ان کا جو امن وامان ہے، آج یہاں پر عجیب و غریب چیزوں کو ایمرجنسی سے منسلک کیا جا رہا ہے۔ پچھلے دنوں معدنیات کی بات ہو رہی تھی۔ آج جو منسلک کرنے کی بات کر رہے ہیں، ان سے پوچھیں۔۔۔

Mr. Chairman: Thank you.

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جب آپ حکومت میں آئے تو وہاں پر معدنیات کے چار سو لائسنس تھے، آپ نے وہاں پر 4917 لائسنس لے لیے ہیں اور وہ سارے کے سارے لوگ کون ہیں، وہ سارے کے سارے لوگ سفارشی ہیں۔ اقربا پروری کی بنیاد پر وہ لائسنس دیے گئے ہیں اور اس کی بھی تحقیقات ہوں گی۔ جناب! میں آخری بات عرض کرنا چاہتا ہوں کہ عوام اس نئے setup کے ساتھ کھڑے ہیں۔ اس نئے setup سے KP میں بھی استحکام آئے گا۔ وہ صوبہ جو آپ کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے عدم استحکام کا شکار تھا اور اس کے بعد اس کی وجہ سے پورے ملک میں ان شاء اللہ تعالیٰ استحکام آئے گا۔ جناب چیئرمین! جو بات ابھی لیڈر آف دی اپوزیشن نے کی کہ ہم اللہ تعالیٰ کے سامنے جواب دہ ہیں، جناب چیئرمین! ہم نے بھی اسی اللہ کو جواب دینا ہے اور ہم اسی اللہ کو بالکل حاضر اور ناظر اور گواہ بنا کر کہتے ہیں۔ (جاری۔۔۔۔۔T06)

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: (جاری۔۔۔۔) جناب چیئرمین! جو بات ابھی محترم لیڈر آف اپوزیشن نے کی کہ ہم اللہ تعالیٰ کے سامنے جوابدہ ہیں، جناب! ہم نے بھی اسی اللہ کو جواب دینا ہے۔ ہم اسی اللہ کو بالکل حاضر و ناظر اور گواہ بنا کے کہتے ہیں کہ یہ سارے اقدام پاکستان کی سالمیت، پاکستان کے استحکام، پاکستان کے امن اور پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کے لیے اٹھائے گئے ہیں۔

بس آخری دو باتیں ہیں، جناب نے بات کی کہ Joint session ہو، آگے بریفنگ دی جائے، پچھلی دو جو security اداروں نے پاکستان میں مخدوش دہشت گردی کے حالات کی وجہ سے جو دو briefings دیں، اس میں پاکستان تحریک انصاف نے بائیکاٹ کیا، اس میں تو آپ لوگ آئے نہیں اور آج آپ کہہ رہے ہیں جناب کہ بریفنگ ہو۔ آخری دو باتیں ہیں جو انہوں نے یمن کے حوالے سے بات کی۔ جناب! یمن کے حوالے سے جو leader of opposition نے بات کی ہے، میں اس پر عرض کروں گا کہ پاکستان نے کسی دوسرے ملک کے اوپر کوئی جارحیت نہیں کی ہے۔ ہم پابند ہیں جو پاکستان کا سعودیہ کے ساتھ دفاعی معاہدہ ہے اس کے تحت اور جناب چیئرمین! وہ معاہدہ ان دونوں ایوانوں سے قراردادوں کی شکل میں پاس ہوا ہے۔ ابھی آپ دیکھیں کہ پچھلے دنوں کتنی افسوسناک خبریں یہاں پر ہمیں ملیں، ریاض ایئرپورٹ پر حملہ ہوا، بارہ چودہ لوگ وہاں پر شہید ہوئے۔ اس کے بعد مکہ مکرمہ کے اوپر ڈرون حملے کی بات کی گئی، مدینہ منورہ میں Grid station کے اوپر حملہ ہوا۔ ہم بحیثیت مسلمان committed ہیں کہ حرمین شریفین کی حفاظت کے لیے ہم اپنی جانوں کے نذرانے دینے کے لیے بھی تیار ہیں اور یہ ہمارے لیے بڑی فخر اور اعزاز کی بات ہو گی۔ ہم سعودیہ کے دفاع کی بات کر رہے ہیں اور اس کے علاوہ جو اس وقت وہاں پر حالات ہیں، پاکستان وہاں پر اپنا کردار ادا کر رہا ہے اور ان شاء اللہ تعالیٰ، اس سے آگے بھی بڑھ کے ادا کرنا پڑا، حرمین شریفین کی حفاظت کے لیے اور سعودیہ کے دفاع کے لیے تو کریں گے۔

آخری بات یہ ہے کہ مذاکرات کی ناکامی، opposition کے رویے کی وجہ سے، ان کے بے اختیار ہونے کی وجہ سے، جو کمیٹی وہاں پر آئی اور CM KP کے ان تمام نکات سے جو معاہدے کے اندر درج تھے، ان سے اتفاق نہ کرنے کی وجہ سے ہوئی۔ آج بھی اگر آپ مذاکرات کے ذریعے معاملات کو آگے چلانا چاہتے ہیں تو جو ہمارے پارلیمانی لیڈر ہیں رانا ثناء اللہ صاحب، بڑے کھل کے انہوں نے بات کی ہے، ابھی بھی ہم تیار ہیں، پرائم منسٹر صاحب سے لے کے وہ کمیٹی جو کہ مذاکرات کرتی رہی ہے آپ سے، وہ آج بھی قائم دائم ہے۔ یہ وہ طریقہ ہے کہ جس سے میں سمجھتا ہوں کہ تمام اختلافی مسائل حل ہو سکتے ہیں۔ بہت شکریہ جناب چیئرمین۔

جناب چیئرمین: میں آپ سے گزارش کروں گا کہ میں نے احترام میں لیڈری آف اپوزیشن کو floor دیا۔ چونکہ جب لیڈر آف اپوزیشن کھڑے ہوتے ہیں تو ہم نہیں روک سکتے مگر یہ debate دو دن ادھر ہوئی، پھر قومی اسمبلی میں ہوئی اور پھر joint session میں ہوئی تو اس لیے ہم وہ repetition نہیں کرنا چاہتے۔ آپ کے private members day کا استحقاق مجروح ہو رہا ہے۔ اب میں سینیٹر محمد عبدالقادر صاحب کو floor دیتا ہوں۔ کوئی point of order نہیں۔ آپ کو دس دفعہ اور ٹائم ملے گا۔

Senator Samina Mumtaz Zehri: Mr. Chairman, I would quote the Rules. It says that while the Senate is sitting, a member shall not speak except with the permission of the chair one. Look at No.3, which says that he shall not interrupt any member during his speech by disorderly or objectionable gestures, expression, noise or any other manner whatsoever and No.6, shall not obstruct proceedings and shall avoid making running commentaries when speeches are being made in the Senate and engage in crosstalk. Sir, this is a constant break of the rules. I wanted my colleagues, my senior members and ministers to actually object to this. This is constant. It causes headache.

اتنا بولتے ہیں، اس کے باوجود جب کوئی سینیئر ممبر یا منسٹر صاحب کھڑے ہو کر بات کر رہے ہوتے ہیں تو اس کے بیچ میں انہوں نے interrupt کرنا ہوتا ہے۔

Sir, you need to pass an order in this regard. Last time, Senator Shahadat sahib was chairing, this is too much.

جناب چیئرمین: رولز ہم نے خود بنائے ہیں۔

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری: رولز ہم نے خود بنائے ہیں لیکن یہ تو break کر رہے ہیں۔ جناب! یہ بدتمیزی ہے۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! بڑے ادب سے ایک بات کروں، ہمارے لیے leader of opposition کا عہدہ اور chair راجہ صاحب تو ویسے محترم ہیں، بہت محترم ہیں۔ آپ بولیں، چیزیں چاہے وہی تھیں جو پرسوں اور اس سے پہلے بھی ہوئیں لیکن کبھی آپ بتا دیں کہ اس

row میں سے کبھی کوئی ایسی بات ہوئی ہو۔ ہمارے پیچھے دوست بھی کبھی جذباتی ہوتے ہیں تو ہم خود روکتے ہیں۔ ایک ایک سینیٹر اس ہاؤس کا بڑا معتبر اور باعزت ہے۔ جناب! یہ Upper House ہے اور House of Federation ہے۔ ہم لوگ کہتے ہیں کہ اس کی traditions بڑی درخشندہ ہیں تو ہم سب کو اس کا خیال رکھنا چاہیے۔ وقت مشکل آتے ہیں جناب، ظرف کا بھی اس وقت پتہ چلتا ہے جب مشکل وقت ہو کہ آپ نے اپنے conduct کے ساتھ اس سے نکلنا ہے۔ Parliamentarians نے کوشش کی، بوجوہ کچھ اور ایسے سیاسی عناصر تھے جنہوں نے ان مذاکرات کو کامیاب نہ ہونے دیا ورنہ رات تین بجے تک بیٹھنے کا کیا مقصد تھا۔ میری تو خواہش ہے کہ راجہ صاحب کی بات اس دن بھی سنی جاتی اور آج جب راجہ صاحب بات کر رہے تھے، میں یہ سوچ رہا تھا کہ جتنے دبنگ لہجے میں آج وہ بول رہے ہیں، اس سے آدھی سختی بھی ان پر کرتے تو یہ ساری باتیں منوا کے اٹھ جاتے۔

اب جو ہونا تھا ہوا۔ اس کا بھی ایک آئینی طریقہ کار ہے اور اس کا ایک سیاسی حل بھی ہے لیکن میں سب اراکین سے ہاتھ جوڑ کے یہ گزارش کروں گا کہ اس ایوان کا یہ مزاج نہیں رہا۔ اس ایوان کو اس قاعدے کے تحت اور اس روایت کے تحت چلائیں جو کہ اس ایوان کا خاصا اور اس ایوان کی pride ہے۔ جب ایک بندہ بات کر رہا ہو، براہ مہربانی میں دونوں sides سے عرض کرتا ہوں، میں اِدھر بھی request کرتا ہوں، آپ سے بھی ملتمس ہوں، آپ floor لیں اس کے بعد بات کریں Interruption یا بیچ میں بولنا، واقعی پارلیمانی آداب کے منافی ہے اور میری بہن نے بالکل صحیح کہا، ہم rules اس لیے بناتے ہیں تاکہ ان پر عمل کریں، انہیں violate کرنے کے لیے نہیں بناتے۔ صرف یہی ایک التجا ہے سب سے۔ بڑا اچھا چلتا ہے، آپ اپنی بات کرتے ہیں، اس کا جواب آتا ہے۔ ہم کرتے ہیں، آپ جواب دیتے ہیں۔ یہی پارلیمانی tradition ہے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ اس کے لیے جب Leader of the Opposition نے بات کی تو it was my duty to give floor to the treasury benches as well اس لیے میں نے Minister for Parliamentary Affairs کو بھی ٹائم دیا۔ اب پلیز، یہ منسٹر چلے جائیں گے اور سب رہ جائیں گے۔

سینیٹر محمد عبدالقادر: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین صاحب! میرے دو تین بل legislation کے جو کمیٹی سے پاس ہو کر آئے ہیں، لگے ہوئے تھے۔

جناب چیئرمین: منسٹر صاحب! یہ آپ کی تائید میں کچھ کہنا چاہتے ہیں۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: جناب! سینیٹ کے جو rules اور regulation ہم نے خود بنائے ہیں، محترم ہیں۔ ہم سب کو ان کا خیال رکھنا چاہیے، pick and choose نہیں ہونا چاہیے۔ دونوں اطراف سے خیال رکھنا چاہیے۔ یہ ایک بات قابل عمل ہے۔ ایک دس سیکنڈ کی بات۔ جناب وزیر صاحب! آپ ایک دفعہ check کر لیں، گزشتہ دو ہزار پندرہ سے گیارہ سال کی جو جنگ ہے وہاں پر، کس نے حملہ شروع کیا تھا، کیوں شروع کیا تھا؟ ان پر ساڑھے چھ لاکھ air attacks اور میزائلوں کے attacks ہوئے ہیں۔ ان کے سمندر بند ہیں، ان کی فضا بند ہے، ان کے زمینی راستے بند ہیں۔ تقریباً اسی فیصد آبادی وہاں پر ہے جہاں پر حملے ہو رہے ہیں۔ ہر روز سو سو جہازوں سے حملے ہو رہے ہیں، attack ہو رہے ہیں۔ مہربانی کرکے اس کی history حاصل کر لیں اور معلومات لیں تاکہ آپ کو بات کرنے میں آسانی ہو۔

Mr. Chairman: Right. Thank you. Order No.24.

سینیٹر محمد عبدالقادر: چیئرمین صاحب! اس سے پہلے جو بل تھا، اس پر آپ نے کہہ دیا ہے، بالکل defer ہو گیا، اچھی بات ہے۔ صرف یہ بتانا تھا کہ وہ IQRA University کے already بائیس campuses کام کر رہے ہیں اور یہ defer ہو گیا ہے، اس کے اوپر ہم دوبارہ بات کریں گے۔ دوسرے دو بل passport کے متعلق ہیں، چیئرمین صاحب! اس پر بھی میں دو منٹ میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین: دیکھیں، بات بعد میں کریں، پہلے permission تو لیں۔

Consideration of [The Passport (Amendment), Bill, 2026]

Senator Mohammad Abdul Qadir: Right Sir. I hereby move that the bill further to amend the Passport Act, 1974 [The Passport (Amendment), Bill, 2026] as reported by the StandingCommittee be taken into consideration at once.

Mr. Chairman: Is it opposed?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: منسٹر صاحب بات کر لیں گے، ساروں کی بات ہوئی تھی اس پر، میں نے بھی قادر صاحب سے گزارش کی ہے۔ جناب! اس میں کچھ further tweaking ہونے والی ہے۔ وزیر داخلہ موجود ہیں، وہ بتائیں گے کہ ہم اپنے numbers کو کس طرح سے regulate کر رہے ہیں اور کتنے blue passport پر آپ کے ملک add ہو گئے ہیں۔ میں نے قادر صاحب سے، شیری رحمان

صاحبہ اور رانا ثناء اللہ صاحب دونوں نے کہا تھا کہ اس کو تھوڑا pend کر دیں اور اس کو پہلے اچھی طرح وزارت داخلہ کے ساتھ طے کر کے پھر لے کے آئیں تو وہ آپ سے adjournment ہی مانگ رہے تھے لیکن طلال صاحب وجوہات بتا دیتے ہیں۔ (جاری۔۔۔۔T07)

T07-19Oct2026 Ali/Ed: Mariam 05:30pm

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: شیری رحمان صاحبہ اور رانا ثناء اللہ خان صاحب دونوں نے کہا تھا کہ اس کو تھوڑا pend کر دیں اور پہلے اس کو اچھی طرح وزارت داخلہ کے ساتھ طے کر کے پھر لے کر آئیں۔ وہ آپ سے adjournment ہی مانگ رہے تھے، لیکن طلال صاحب وجوہات بتا دیتے کہ اس میں کیا ضروری ہے۔

جناب چیئرمین: Pend کرنا ہے تو وجوہات بعد میں بتا دیں، پھر وہ بھی بات کریں گے۔

سینیٹر محمد عبدالقادر: جناب! دو منٹ، میں صرف بات یہ کرنا چاہتا ہوں کہ دیکھیں اگر کسی قانون میں inconsistency ہے یا کوئی discrepancy ہے، کم سے کم اس پر ہم یہ Bill لے کر آئیں۔ میں صرف explain یہ کرنا چاہتا ہوں، ایک Bill یہ ہے کہ اگر National Assembly میں کوئی Member elect ہو جائے اور oath لے لے اور ایک سال بھی National Assembly کا Member رہے تو اس کو Blue Passport ملے گا اور اگر Senator elect ہو جائے اور ساڑھے پانچ سال بھی Senator رہے تو اس کو Blue Passport نہیں ملے گا۔

دوسرا جو میرا Bill ہے وہ یہ ہے کہ ملک میں قانون موجود ہے، چیئرمین صاحب! تھوڑی توجہ آپ کی چاہتا ہوں، کہ ملک میں قانون موجود ہے کہ گریڈ 21، جی سر؟

جناب چیئرمین: آپ کے دوست آ رہے ہیں۔

سینیٹر محمد عبدالقادر: گریڈ 21 اور 22 کے officers جس بھی field میں ہیں ان کے بچوں کو 28 years of age تک after their retirement, Blue Passport ملتا ہے۔ یہ ہماری request ہے کہ وہی same قانون Parliamentarians پر بھی apply ہونا چاہیے۔ جناب! آپ نے ہماری بات درمیان میں ہی چھوڑ دی، Senators کے rights کو آپ نے کوئی importance نہیں دی، نئے سرے سے ان کو سمجھانا پڑے گا۔

(اس موقع پر جناب ڈپٹی چیئرمین، سینیٹر سید ال خان کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

سینیٹر محمد عبدالقادر: خوش آمدید چیئرمین صاحب۔ Bill کدھر سے پاس ہو گیا ہے، ابھی تک lay ہی نہیں ہوا۔

Mr. Deputy Chairman: Order in the House, please.

سینیٹر محمد عبدالقادر: میں یہ آپ کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہمیں جو inconsistency ہے قانون میں یا کوئی discrepancy ہے، اس کو تو amend کرنا چاہیے، ہمیں تھوڑا چیزوں کو face کرنا چاہیے۔ اگر ایک Member election لڑکے MNA بن کے آتا ہے اور ایک سال بھی وہ elected MNA رہتا ہے تو اس کو Blue Passport ملتا ہے۔ لیکن اگر کوئی Senator تین سال کے لیے آتا ہے یا پانچ سال بھی Senator رہتا ہے، ہمارے کچھ colleague ہیں، جو seats خالی ہوئی ہیں ان پر Senator بن کے آئے ہیں تو ہم یہ کہتے ہیں کہ اگر وہ support کر رہے ہیں تو میں لے کر دیتا ہوں۔ ٹھیک ہے جی؟ بس اس پر voting کروائیں، یہ میں دوبارہ سے lay کر دیتا ہوں۔

Senator Mohammad Abdul Qadiri: I Senator Muhammad Abdul Qadir, move that the Bill further to amend the Passports Act, 1974 [The Passports (Amendment) Bill, 2026], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

جناب ڈپٹی چیئرمین: ایک منٹ! ہم بھی بیٹھے ہوئے ہیں، ہم نے پیش ہی نہیں کیا، Aye! کہاں سے آ گیا؟

سینیٹر محمد عبدالقادر: تیسری مرتبہ پیش کروں؟

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، دوبارہ پیش کریں۔

سینیٹر محمد عبدالقادر: Again, میں third time پیش کرتا ہوں، Item No. 24 ہے۔

Consideration and Passage of [The Passports (Amendment) Bill, 2026]

Senator Mohammad Abdul Qadiri: I, Senator Muhammad Abdul Qadir hereby move that the Bill further to amend the Passports Act, 1974 [The Passports

(Amendment) Bill, 2026], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

جناب ڈپٹی چیئرمین: اب میں تحریک ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: تحریک متفقہ طور پر منظور کی جاتی ہے۔ طلال صاحب، آپ کے ہی کہنے پر۔۔ جی آپ بات کریں۔

سینیٹر محمد طلال بدر: جناب! گزارش یہ ہے، دو Bill ہیں، دونوں علیحدہ علیحدہ Bills ہیں۔ ابھی آپ سے پہلے Chairman Senate سے Law Minister نے بات کی اور جو Parliamentary Leaders ہیں مختلف parties کے، وہ اس بات پر متفق ہیں کہ دونوں Bills فی الحال pending کیے جائیں، ایک Bill ایسا ہے جس میں Interior Ministry یا House یا جو parties ہیں وہ اس میں agreed ہیں۔ دوسرا Bill ایسا ہے جس میں یہ کہا گیا ہے کہ جو ex-Parliamentarians یا ex-Senators ہیں، ان کے بچوں کو بھی Blue Passport اس لیے دیے جائیں کیونکہ جو secretaries ہیں گریڈ 22 کے ان کے بچوں کو ملتے ہیں۔ اس بات کی پہلے بھی ہم نے مخالفت کی ہے اور اس میں یہ کہا گیا تھا اس وقت، میں نے اسی جگہ House میں کھڑے ہو کے کہا تھا کہ اگر اس میں اس طرح کی کوئی چیز ہے تو جن کو دیے جا رہے ہیں ان سے واپس لیے جائیں، نہ کہ ex-Parliamentarians کے بچوں کو دیے جائیں۔ گزارش یہ ہے کہ Blue Passport کا..direct

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ کو Parliamentarian پر اعتراض نہیں ہے، بلکہ آپ یہ بات ان کی families کے بارے میں کر رہے ہو۔

سینیٹر محمد طلال بدر: جی جی۔ دو Bills ہیں، اگلی گزارش جناب!، Blue Passport directly impact کرتا ہے آپ کی۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: قادر صاحب .please

سینیٹر محمد طلال بدر: Blue Passport directly آپ کی rating, ranking پر impact اس طرح کرتا ہے کہ جتنے ملکوں کے ساتھ Red Passport, Blue Passport اور آپ کے Common Passport پر Visa free agreements ہوتے ہیں، آپ کے ملک کی rating, ranking اس سے بہتر ہوتی ہے۔ پچھلے ڈیڑھ سے دو سال میں Europe میں، Gulf میں، ہم نے بے شمار ملکوں سے Blue, Red Passport اور اسی طرح کئی جگہ visa free entry Pakistani passport کے لیے لی ہے۔ لیکن جب بھی باقی ملکوں سے بات کرتے ہیں، جس میں ابھی بھی کچھ European countries شامل ہیں، Canada سمیت، تو وہاں سب سے پہلے بات ہوتی ہے کہ آپ کے کتنے Passports ہیں؟ جب Blue Passport کی تعداد پتا چلتی ہے کہ 75 ہزار ہے، تو کوئی ملک تیار نہیں ہوتا۔ ہم نے ان 75 ہزار Passports کو تقریباً 30 ہزار کم کرکے، 45 ہزار پر لے کر آئے ہیں۔ یہ بڑا serious معاملہ ہے، یہ معاملہ کسی کی perk on privilege کا نہیں ہے، یہ معاملہ پاکستان کے لوگوں کی perk and privilege کا ہے کیونکہ passport کے ساتھ پاکستان کی عزت جڑی ہوئی ہے۔

(اس موقع پر ایوان میں اذان مغرب سنائی دی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: تمام ممبران سے گزارش ہے کہ اپنی نشستوں پر بیٹھ جائیں۔ Order in the House. Chishti *Sahib* please.

سینیٹر محمد طلال بدر: پہلے دوسرا Bill واپس لے لیں، پھر اس کے بعد جو پہلا Bill ہے، اس میں ہم غور کرتے ہیں، پہلے دوسرا Bill واپس لیں۔

(جاری۔۔۔۔T08)

T08–19Oct2026 Imran/ED: Mariam 05:40 pm

جناب ڈپٹی چیئرمین: (جاری۔۔۔۔) تمام ممبران سے گزارش ہے کہ اپنی نشستوں پر بیٹھ جائیں، Order in the House. چشتی صاحب، پلیز۔

سینیٹر محمد طلال بدر: جناب! یہ پہلے دوسرا Bill واپس لے لیں پھر اُس کے بعد جو پہلا Bill ہے ہم اُس پر غور اور ابھی فیصلہ کر لیتے ہیں۔ جناب یہ پہلے دوسرا Bill واپس لیں۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: ہم وزیر قانون سے اس کے بارے میں رائے لے لیتے ہیں۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: دیکھیں، اُنہوں نے clear کیا کہ ہمیں ممبران پر نہیں ہے بلکہ اُن کی families پر ہے۔ یہ الگ الگ ہوا ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر محمد عبدالقادر: اُن کو خود بے عزت کرنا چاہتے ہیں۔ خود بے عزت کریں کہ ان کو نہ دیں۔ دیکھیں، آپ blue passport اور اٹھاون ہزار issue اور فلانے، یہ تیس چالیس passport سے کوئی issue نہیں ہوگا۔ ہم کہہ رہے ہیں کہ defer کریں لیکن آپ اس کو at par کریں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی منظور صاحب۔ طلال صاحب، ایک منٹ۔

Senator Manzoor Ahmed

سینیٹر منظور احمد: چیئرمین صاحب، دو Bills ہیں اور اس میں کچھ confusion آ رہی ہے۔ اس میں confusion یہ ہے کہ منسٹر صاحب نے بہت اچھی بات کی ہے کہ ہمیں پاکستان کی سلامتی کے حوالے سے سوچنا ہوگا اور اُس کے اوپر غور کرنا ہوگا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، اس پر کوئی compromise نہیں ہے۔

سینیٹر منظور احمد: جی، اس پر کوئی compromise نہیں ہونا چاہیے لیکن چیئرمین صاحب! اس میں دو چیزیں ہیں۔ اس میں مسئلہ یہ ہے کہ جو bureaucracy کی یہاں پر بات ہوئی ہے، اگر اُن کی families کو passport مل رہے ہیں تو پھر اگر ہم پاکستان کی بات کرتے ہیں تو وہ passport بھی cancel ہونے چاہییں۔ اگر ہم پاکستان کی بات کرتے ہیں تو وہ بھی اسی passport کو use کرکے اور استعمال کرکے بیرونِ ملک جاتے ہیں۔ ہم اس پر نہ زور دیں گے اور نہ ہم آپ کو اس پر force کریں گے لیکن اس میں ایک اور چیز ہے۔ وہ یہ اب جو sitting senators ہیں، اُن کے لیے انہوں نے دو سال کا criteria بنایا ہوا ہے۔ In case اگر میں ابھی passport بھیج دیتا ہوں تو اُس کے لیے دو سال کا criteria ہے۔ اُس کو sitting senators کے لیے پانچ سال کا criteria ہونا چاہیے۔ اس میں تو یہ نہیں

ہے کہ ex-senator آ رہا ہے۔ یہاں منسٹر صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں تو ہم اُن سے یہی request کریں گے کہ اس دو سال والے criteria کو پانچ سال کیا جائے اور باقی جو ایک law ہے، پھر وہ سب کے لیے یکساں ہونا چاہیے۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی اس کے بعد۔ منظور صاحب، بہت شکریہ۔ فیصل صاحب! ایک منٹ۔ قانونی position واضح کرنے دیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: سینیٹر قادر کی ایک بات بالکل جائز ہے اور اُس پر سارا House متفق ہے۔ جو confusion ہے وہ term میں ہے۔ جو word term ہے کہ who has been, who has served for a term۔ قومی اسمبلی میں جو term ہے وہ ایک دفعہ oath لے لیا تو آپ کی term ہے۔ دو مہینے رہیں، چار مہینے رہیں، چھ مہینے رہیں،

so, it would be considered as a term. Unlike National Assembly, there is confusion in while defining the term for Senate, there were reasons for that.

اس کی شاید continuity اور دیگر چیزیں تھیں لیکن that is for some other purposes. اب سینیٹ میں طُرفہ تماشا یہ ہے کہ سینیٹ میں جب تک آپ پوری چھ سال کی term پوری نہیں کرتے you are not entitled for gratis passport for remaining life. Parliamentarians کو جو privileges یا جو کوئی سہولیات میسر ہیں، اُن میں سے ایک یہ بھی ہے کہ اُنہیں official passport, کیونکہ بہت سارے Parliamentarians اپنی term کے علاوہ بھی politically active ہوتے ہیں۔ وہ نمائندگیاں کرتے ہیں اور اپنی parties کی طرف سے international events میں جاتے ہیں۔ IPU کے events پر کوئی پابندی نہیں ہے کہ آپ former Parliamentarian ہوں یا حاضر ہوں، تو اس وجہ سے اُن کی یہ بات درست ہے اور وزیرِ داخلہ اُسے support کر رہے ہیں کہ وہ جو قومی اسمبلی اور سینیٹ کی anomaly ہے کہ قومی اسمبلی میں once you take oath, you are entitled for rest of your career that you are entitled for that passport. سینیٹ میں آپ کو چھ سال پورے کرنا پڑتے ہیں۔ مقصد یہ ہے کہ اگر کسی بندے کو دو یا تین مہینے پہلے کسی وجہ سے resign کرنا پڑے یا کسی اور activity میں

جیسے کہ الیکشن میں حصہ لینے کے لیے یا for any other reason, he would not be entitled. تو یہ anomaly دور کر رہے ہیں۔

جو قادر صاحب بات کر رہے ہیں کہ جو آپ کے dependents or kids till the age of 28, وہ چاہے sitting ہوں یا former Parliamentarians ہوں، اُن سب کے لیے ہونا چاہیے۔ میرے خیال میں اُس کی حد تک parties میں consensus نہیں ہے۔ ہم پہلے کہتے ہیں کہ اس کی تعداد regulated ہونی چاہیے کیونکہ یہ آپ as a representative of government use کرتے ہیں،

you don't use it as kind of grace or honor, no. Official passport belongs to an official, one who conducts some official business.

(مداخلت)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: Consistency ہو جائے گی نا، وہ revise کر رہے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ کیونکہ پہلے گریڈ 21 اور 22 کے وہ officials جو retire بھی ہو جاتے ہیں، اُن کے بچے بھی 28 سال تک وہ کر سکتے ہیں، طلال صاحب! یہ بھی غلط ہوا ہے۔ اس کو ہم درست کریں گے اور دل بڑا کریں۔ جو یہ anomaly ہے، اسے دور کرتے ہیں، باقی اللہ تعالیٰ عزتیں دینے والا ہے۔ یہ blue passport سے، بچوں کے ہاتھوں میں ہونے سے عزت نہیں بڑھتی، بچوں کو اپنے career خود اپنی محنت سے بنانے دیں۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی پلیز۔ فیصل صاحب! آپ اپنی نشست پر چلے جائیں۔ جی نہیں، ابھی بات نہیں کر سکتے۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں، قانوناً بات نہیں کر سکتے، آپ اپنی seat پر جائیں۔ اس کے بعد، فیصل صاحب، اس کے بعد ان شاء اللہ میں آپ کو موقع دوں گا۔ جی سینیٹر عابد شیر علی صاحب۔

Senator Abid Sher Ali

سینیٹر عابد شیر علی: بہت شکریہ جنابِ چیئرمین۔ جو law minister نے بات کی اور جو honorable Interior Minister نے بات کی تو بات یہ ہے کہ جنہوں نے بار بار قانون کے ساتھ غداری کی، ثاقب نثار جیسے بدترین judges نے۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ نے صرف اسی مدعے پر بات کرنی ہے۔ .One point آپ نے اسی پر بات کرنی ہے۔

سینیٹر عابد شیر علی: جناب! اسی پر بات کر رہا ہوں۔ میں اسی مدعے پر بات کر رہا ہوں۔ اُن کو تو آپ نے passport کی lifetime entitlement دی ہوئی ہے۔ جنابِ چیئرمین! اُس کے علاوہ میں آپ کی معزز ایوان کے سامنے دونوں Bills کے حوالے سے ایک مسئلہ بھی رکھنا چاہتا ہوں کہ as a senator ہمیں Interior Ministry سے NOC required ہے۔ یہ میں نے کبھی سنا نہیں تھا۔ میں الحمد للہ اٹھارہ سال پارلیمان کا ممبر اور میں MNA بھی رہا ہوں۔ آج تک ہمیں Interior Ministry سے NOC کی requirement نہیں ہوئی کہ Interior Minister سے پہلے as a senator ہم اجازت لیں اور اس کے بعد وہ DG Passport ہمیں passport issue کرے گا۔ کیا آپ کے سینیٹ کی یا ممبران کی یہ اوقات رہ گئی ہے؟ اس ایوان کو ہم ایوانِ بالا کہتے ہیں تو کس چیز کی ایوانِ بالا ہے کہ ہمیں being senator and MNA Interior Ministry سے NOC درکار ہے کہ وہاں جا کے دیں کہ ہمیں اپنے بچوں کے لیے passport چاہیے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایوان کی تذلیل ہے اور اس کو میں condemn بھی کرتا ہوں۔ میں آپ کی Chair سے توقع کرتا ہوں کہ ruling pass کریں کہ کیا ہم ڈکیت ہیں؟ کیا ہم چور ہیں؟ کیا ہم دہشت گرد ہیں کہ ہمیں NOC چاہیے۔ کیا ان لوگوں کو ہم سے بھی تحفظات ہیں؟

میں آپ سے درخواست کروں گا کیونکہ میں law minister صاحب کو کہتا ہوں کہ یہ میں آپ کو آپ بیتی سنا رہا ہوں۔ میں as a senator جاتا ہوں اور وہاں پر وہ کہتے ہیں کہ آپ پہلے Interior Ministry سے NOC لے کر آئیں پھر ہم آپ کو passport دیں گے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہماری privilege کو breach کرنے کے مترادف ہے۔ یہ جو ہمارے honourable سینیٹر بیٹھے ہیں، وہ ہمارے Standing Committee for Interior کے چیئرمین بھی ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ کے والد صاحب کا بھی ماشاء اللہ ایک بڑا نام ہیں اور آپ خود بھی۔۔۔

سینیٹر عابد شیر علی: میں خود اٹھارہ سال MNA بھی رہا ہوں اور ویسے بھی lifetime passport کی ہماری entitlement بھی ہے تو جناب Interior Minister نے مجھے تین سال کے لیے دیا ہے۔ میں اس پر بھی ایوان میں اپنی privilege motion move کروں گا کہ آپ ہماری۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس حوالے سے میری گزارش یہ ہے کہ اس issue کو پہلے ہی فیصل سلیم رحمان صاحب کی۔۔۔

سینیٹر عابد شیر علی: جناب! فیصل سلیم رحمان صاحب کو پتا ہے، میں نے اُن کی Standing Committee میں یہ مسئلہ اٹھایا ہے۔ آج میں معزز ایوان کے سامنے یہ رکھنا چاہتا ہوں کہ as a senator کیا ہمیں NOC درکار ہے؟ میں آپ سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ اگر NOC درکار ہے تو میں آپ کی بات مان لیتا ہوں۔ آپ یہاں پر ruling pass کریں۔ آپ ہمیں اس پر فیصلہ دیں۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: ایک منٹ بات سنیں۔ آپ لوگ مجھے یہ نہ۔۔۔ ایک منٹ۔ عابد شیر علی صاحب، اس حوالے سے فیصل سلیم رحمان صاحب کے پاس پہلے سے standing committee میں یہ issue موجود ہے۔

سینیٹر عابد شیر علی: میں نے تو House کے سامنے رکھ دیا ہے۔ Standing Committee سے بہت پہلے House کا تقدس ہے جو پامال ہوا ہے۔ میں تو اپنے چیئرمین کو بتا رہا ہوں کہ آپ کے senators کی یہ اوقات ہے۔ اگر آپ اپنے senators کا دفاع نہیں کریں گے تو پھر ہمیں House سے باہر چلے جانا چاہیے۔ (جاری۔۔۔۔T09)

T9-19Oct2026 Naeem Bhatti/ED: Shakeel 5:50 pm

سینیٹر عابد شیر علی: (جاری۔۔۔) اس میں standing committee کے بعد ایوان کا تقدس پامال ہوا ہے۔ میں تو اپنے چیئرمین کو بتا رہا ہوں کہ آپ کے سینیٹر کی یہ اوقات ہے، اگر آپ اپنے سینیٹرز کا دفاع نہیں کریں گے تو پھر ہمیں ایوان سے باہر چلے جانا چاہیے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: فیصل سلیم رحمان صاحب۔

Senator Faisal Saleem Rehman

سینیٹر فیصل سلیم رحمان: جناب چیئرمین! اس issue کو ہم نے کمیٹی میں کئی مرتبہ discuss کیا، یہ ایک genuine issue ہے لیکن میں تھوڑا bifurcate کرکے تین حصوں میں اسے explain کروں تو سب کو واضح طور پر سمجھ آ جائے گا۔ سب سے پہلے میں اس بات پر آؤں گا کہ ہمارے ڈپٹی چیئرمین صاحب کی جو post ہے، یہ ایک آئینی عہدہ ہے، ان کے لیے diplomatic passport ہونا چاہیے بجائے official passport کے۔ میں یہاں وہ باتیں کروں گا۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: Ruling سے پہلے میرے ساتھ قدم بڑھاؤ والا معاملہ نہ ہو جائے۔

سینیٹر فیصل سلیم رحمان: جناب چیئرمین! میں وہ باتیں کروں گا جن کو ہم نے کمیٹی میں discuss کیا اور انہیں recommend کیا ہوا ہے۔ یہ آئینی عہدہ ہے، ان کے لیے official passport کی جگہ diplomatic passport ہونا چاہیے۔ اس کے بعد parliamentarians کا، سینیٹرز کا، جس طرح وزیر قانون نے بتایا exactly اسی طرح ہی ہے کہ اگر وہ اپنی term سے ایک دن بھی کم رہیں اور retire ہو جائیں تو انہیں دوبارہ passport issue نہیں ہوتا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ یہ بھی explain کر دیں کہ چیئرمین، ڈپٹی چیئرمین، سپیکر، ڈپٹی سپیکر کا اس حوالے سے ہے؟

سینیٹر فیصل سلیم رحمان: جناب چیئرمین! چیئرمین کے پاس ہوتا ہے، سپیکر اور ڈپٹی سپیکر دونوں کے پاس ہوتا ہے جبکہ سینیٹ میں ڈپٹی چیئرمین جو کہ ایک آئینی عہدہ ہے، ان کے پاس diplomatic passport نہیں ہوتا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ خصوصی محبت کا اظہار ہوا ہے۔

سینیٹر فیصل سلیم رحمان: ہم already committee سے یہ recommend کر چکے ہیں۔ اس کے بعد parliamentarians کی بات آجاتی ہے۔ اس وقت parliamentarians کے passports کے two issues چل رہے ہیں، ایک former parliamentarians ہیں اور دوسرے sitting parliamentarians ہیں۔ اس وقت وزارت داخلہ passport کی renewal دو سال کے لیے کروا رہی ہے، ہم نے جب قانون پڑھا تو اس میں پانچ سال اور دس سالوں کے لیے passport issue ہو گا۔ اس وقت یہ issue parliamentarians کو آرہا ہے اور اس کی کافی شکایات ہمارے پاس آرہی ہیں۔ میں مختلف اوقات میں ان کے متعلق وزیر صاحب کو request بھی کر لیتا ہوں اور ہم بھجوا بھی دیتے ہیں کہ آپ ان چیزوں کو دیکھ لیں۔

جناب والا! وزارت نے NOC کی شرط کی ہوئی ہے کہ یہ لوگ no objection کرتے ہیں اور اس کے بعد Passport Office passport issue کرتا ہے۔ یہ اس کی روزانہ کی بنیاد پر list approve کرتے ہیں جبکہ اس list کی approval اور اس کو بھجوانے کا قانون میں کہیں بھی ذکر نہیں ہے، یہ Ministry of Interior کے internal rules ہیں جو کہ انہوں نے بنائے ہوئے ہیں جن پر تمام parliamentarians کو اعتراض ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ لوگوں کے درمیان وزارت کے ساتھ کوئی coordination نہیں ہوتی؟

سینیٹر فیصل سلیم رحمان: جناب والا! یہ ساری چیزیں within committee discuss ہو چکی ہیں اور اس پر طلال صاحب نے کمیٹی میں ہمیں یہ surety دی ہے کہ میں ان چیزوں کو دیکھ رہا ہوں، جسے ہم appreciate کرتے ہیں کہ طلال صاحب کمیٹی کی ہر meeting میں آتے ہیں۔ جناب والا! تیسرا معاملہ بچوں کے passport کا ہے۔ بچوں کے passport پر ابھی تک کچھ نہیں ہوا، انہوں نے اٹھائیس سال کا کہا ہوا ہے، جو عبدالقادر صاحب لے کر آئے تھے اور وہ pass کیا گیا تھا کہ اٹھائیس سال تک کی عمر کے بچوں کو passport دیا جائے۔ جس پر ہم نے کہا تھا کہ sitting senators کے بچوں کو اٹھائیس سال تک کی عمر ٹھیک ہے، اگر سینیٹر retire ہو جائیں تو ان کے لیے ہم لوگوں نے کمیٹی کی طرف سے کسی طرح کی کوئی recommendation نہیں دی ہے۔ اس وقت اس میں دو issues ہیں، ایک یہ کہ جو دو دو سالوں کی renewal کی جاتی ہے، یہ غلط ہے، اس لیے کہ renewal automatically پانچ سالوں کی یا دس سالوں کی ہونی چاہیے۔ یہ depend کرتا ہے کہ اگر ایک ممبر پانچ سالوں کے لیے چاہتا ہے یا دس سالوں کے لیے renewal چاہتا ہے۔ یہ ایک ایسی شق ہے جس پر وزارت کے ساتھ ہم لوگوں کا معاملہ چل رہا ہے کہ انہوں نے approval کا جو system رکھا ہوا ہے، وہ نہیں ہونا چاہیے۔ جناب چیئرمین! اگر عبدالقادر صاحب اپنا Bill لے آئیں تو ہم اس کے بعد اس پر بات کر سکتے ہیں، اس سے پہلے میں اس پر بات نہیں کر سکتا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی ان شاء اللہ بہتری کا راستہ نکل آئے گا۔ سینیٹر ناصر بٹ صاحب۔

Senator Nasir Mehmood

سینیٹر ناصر محمود: جناب چیئرمین! ابھی میرے بھائی وزیر صاحب نے کہا ہے کہ 78000 blue passports ہیں۔ مجھے بتائیں کہ جو لوگ retire ہو گئے ہیں، چاہے وہ سیکرٹریز ہیں اور چاہے وہ ججز ہیں، ان کو کیوں رکھا ہوا ہے، ان کے cancel کریں یا باقی سب کو بھی دیں۔ خدا خوفی کریں کہ وہ retire ہو گئے ہیں اور ان کے بچوں کے پاس بھی ہیں، انہیں کہیں کہ گھر میں آرام کریں، یہ secretaries تھوڑا ظلم کر کے جاتے ہیں۔ ان کے passports cancel کریں یا ہم سب کو دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی وزیر برائے داخلہ۔

Senator Muhammad Tallal Badar, Minister of State for Interior

سینیٹر محمد طلال بدر (وزیر مملکت برائے داخلہ): جناب چیئرمین! دو، تین چیزیں ہیں، اگر میرے تمام colleagues آرام سے سن لیں۔ جناب والا! سب سے پہلی بات یہ ہے کہ جو کہا گیا کہ ex-senators or parliamentarians کے بچوں کو اٹھائیس سال تک

passport issue کیا جائے، میں نے کمیٹی میں بھی گزارش کی تھی اور اس کے بعد پارلیمانی لیڈران سے بھی بات ہوئی، پارٹیاں بھی اس بات پر آمادہ ہیں کہ یہ قانون نہیں آنا چاہیے۔ میں نے اس پر on the floor of the House بھی کہا تھا، کمیٹی میں بھی کہا ہے اور یہ دوبارہ بات دہرا رہا ہوں کہ آپ بارہا کہتے ہیں کہ ان کے passports واپس لے لیں، جیسے آپ یہ قانون لے کر آئے ہیں، آپ قانون لے کر آئیں، ہم اس کو support کریں گے کہ فلاں فلاں کے passports غلط ہیں، وہ ex-secretaries یا جو بھی ہیں۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: ناصر صاحب! آپ نے بات کی ہے، اب آپ بات سن لیں۔

سینیٹر محمد طلال بدر: جناب والا! وزیر قانون کہہ رہے ہیں کہ اس قانون کی abnormality کو دور کرنے کے لیے حکومت خود لے کر آئے گی۔ اب دو معاملات ہیں، ان سے نہ NOC مانگا ہے، نہ کسی نے NOC کا کہا ہے اور نہ کسی نے approval مانگی ہے۔ پہلے یہ system auto پر لگا ہوا تھا، جب بھی کوئی جاتا ہے کہ میں سینیٹر ہوں، میں MNA ہوں، ہم نے اس کو تھوڑا high کیا ہے کہ اس کی verification کی recommendation جائے گی، وہ highest level سے جائے گی۔ کسی نے NOC approval نہیں مانگی، میں دوبارہ کہہ دوں کہ کوئی NOC, کوئی approval درکار نہیں ہے۔ ہاں! ان کی verification کے لیے ہم نے اس کا level high کیا ہے۔ دوسری گزارش ہے کہ یہ کہتے ہیں کہ اتنے سالوں کا نہیں بلکہ اتنے سالوں کا، آئین نے انہیں lifetime passport دیا ہے لیکن آئین نے یہ نہیں کہا، یہ passports rules میں اجازت ہے کہ آپ سال کے لیے دیں، دو سال کے لیے دیں، پانچ سال کے لیے دیں یا دس سالوں کے لیے، کس نے یہ چیز روکی ہے کہ ہم انہیں lifetime کے لیے نہیں دے رہے۔ اگر سال، دو سال، چار سال کے لیے rules ہمیں allow کرتا ہے، وہ rules جو آپ نے pass کیا ہے۔ ہم اسے مزید smooth اور بہتر کرنے کے لیے اپنے colleagues کی شکایات کا اور باقی چیزوں کو ان شاءاللہ address کریں گے۔ (جاری۔۔۔۔T10)

T10-19Oct2026 Abdul Ghafoor/ED: Waqas 1:30 pm

سینیٹر محمد طلال بدر: (جاری۔۔۔) جناب چیئرمین! کس نے lifetime روکی ہے کہ انہیں ہم lifetime نہیں دے رہے؟ یعنی دیکھیں ناں! اگر ہمیں سال، دو سال، چار سال rules allow کرتا ہے وہ rules چونکہ آپ نے pass کیے ہیں۔ باقی ہم اس کو مزید

smooth اور بہتر کرنے کے لیے اپنے colleagues کی شکایات یا باقی چیزوں کو ان شاء اللہ تعالی address کریں گے۔ ان کی کوئی شکایت نہیں آئے گی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: طلال صاحب دو چیزیں ہیں، ایک منٹ پلیز۔ دو چیزوں کے بارے میں house نے پوچھا ہے کہ اگر معزز سینیٹرز کی families کو نہیں مل رہے اس کی وجہ بھی بتادیں اور bureaucracy کی family کو lifetime مل رہے ہیں ان کی وجہ بتادیں۔ میں chair کی طرف سے پوچھ رہا ہوں۔ دوسرا یہ کہ Speaker, Chairman Deputy Speaker کو Red Diplomatic Passport ملا ہے۔ Deputy Chairman کو نہ دینے کے پیچھے کیا کہانی ہے؟ کوئی main محبت ہے۔ جی ذرا بتائیں۔ بات سُنیں، عامر چشتی صاحب پلیز۔ Please order in the house فیصل صاحب۔

سینیٹر محمد طلال بدر: جناب چیئرمین! گزارش ہے کہ آپ خود chair کر رہے ہیں۔ میرا خیال ہے مناسب نہیں ہوگا۔ میری بات سُن لیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں نہیں، میں نے ویسے ہی کہا ہے کہ کوئی خاص محبت، پیار ہے۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ لوگوں نے کہا ruling دے دیں۔ میں نے کہا پھر وہی بات ہوگی کہ قدم بڑھاؤ پھر ہم پیچھے ہٹتے ہیں۔

سینیٹر محمد طلال بدر: جناب چیئرمین! گزارش یہ ہے۔۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: ناصر بٹ صاحب! پلیز، آپ interrupt نہیں کر سکتے۔ براہ مہربانی آپ بیٹھیں۔

سینیٹر محمد طلال بدر: جناب چیئرمین! اسی طرح ہی کہہ سکتے ہیں جیسے کسی judge کو بیٹھے ہوئے bench میں کہہ ہیں کہ آپ کا conflict of interest ہے، یہ بھی تو اسی طرح کے ممبرز ہیں نا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، جی۔

سینیٹر محمد طلال بدر: جناب چیئرمین! اگلی گزارش ہے کہ ہمیں Red Passport نہ دینے پر کیا اعتراض نہیں؟ جن کے Red Diplomatic Passport allowed ہیں ان کو ملتے ہیں۔ جناب! آپ کا Secretariat and Law Minister بیٹھے ہیں اس کے لیے اگر ہماری رہنمائی فرمادیں ہمیں دینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ ہمارے لیے بڑی honour کی بات ہے کہ اگر آپ کو ملتا ہے۔ جناب! دوسری بات بچوں والی ہے، دیکھیں! میں دوبارہ کہہ دوں ex-Secretaries یا دوسروں کے بچوں کو مل رہا ہے اس کے لیے وزیر قانون نے کہہ دیا ہے کہ وہ خود Bill لے کر آ رہے ہیں اور ان لوگوں کے passport بھی واپس لے لیے جائیں گے۔ یہ وزیر قانون نے کہا ہے کہ حکومت کی طرف سے Bill آئے گا لیکن مجھے یہ بتایئے ex-Members ہیں۔

Mr. Deputy Chairman: Order in the house, please, یہ طریقہ ٹھیک نہیں ہے۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: منسٹر صاحب بیان دے رہے ہیں یا پھر ہم سارے اٹھ کے باہر چلیں جائیں۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: ناصر بٹ صاحب! پلیز۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: آپ کو کہہ دیا ہے ہو جائے گا ناں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: بٹ صاحب آپ کو time دیا، آپ نے بات کی، عابد صاحب نے کی، باقی ممبران بھی ہیں۔، آپ منسٹر صاحب کو سنیں جی۔

سینیٹر محمد طلال بدر: جناب چیئرمین! Ex- Members کے بچوں کے لیے کہہ رہے ہیں، جناب! گزارش یہ ہے کہ perks and privileges اسی passport اور Red Diplomatic Passport کے ساتھ ایک perk and privilege عام آدمی کے green passport کی بھی جڑی ہے۔ اس کی rating ranking affect ہوتی ہے جب blue and red passport بنتے ہیں۔

(مداخلت)

Senator Muhammad Tallal Badar: Let me explain sir.

جناب ڈپٹی چیئرمین: قادر صاحب! جب تک میں کسی کو floor نہیں دوں گا کوئی interrupt نہیں کر سکتا۔ جی، سینیٹر محمد طلال بدر بات کریں۔

سینیٹر محمد طلال بدر: جناب چیئرمین! گزارش یہ ہے کہ جب بھی کسی سے visa-free entry کے لیے بات ہوتی ہے، سب سے پہلے وہ ملک اس کی details مانگتا ہے اور کئی ممالک نے آج کے دن جن سے ہم نے blue, red پر بات کر لی ہے، کئی ممالک نے green پر بھی agree کر دیا ہے وہ اس لیے بات آگے نہیں بڑھ رہی کہ ہمارے blue passports کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ جناب! 30 ہزار passport کم کیا ہے اس 30 ہزار میں ایک بھی passport کسی politician کا نہیں ہے۔ یہ جو بات کرتے ہیں کہ ex-Secretaries حاضر اور فلانا افسر ہم نے 30 ہزار passport انہی کے کم کیے ہیں۔ باقی اس پر ہمیں آپ سے cooperation کی گزارش ہے۔ کیوں پاکستان کے عام لوگوں کے لیے passport rating ranking اپنے بچوں کا passport لینے کے لیے اس پر impact کریں۔ میرا خیال ہے اس Bill کو واپس لیا جانا چاہیے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور صاحبہ! پلیز۔

سینیٹر محمد طلال بدر: وزیر قانون صاحب نے یقین دہانی کرائی ہے کہ وہ ایک نیا Bill لے کر آئیں گے۔ وہ Bill جس میں ex-Secretaries اور دوسروں کے passport واپس لیے جائیں گے۔ Thank you very much, sir

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، سینیٹر عامر ولی الدین چشتی صاحب، پلیز۔

سینیٹر عامر ولی الدین چشتی: جناب چیئرمین! جی۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں، اس طرح نہیں، عامر چشتی صاحب، پلیز۔

سینیٹر امیر ولی الدین چشتی: جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: بہت شکریہ۔ جی، پلیز۔ ویسے میں آپ کو بتا دوں، آپ لوگ ایک ہی۔۔۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں، یہ کوئی طریقہ نہیں ہے۔ غیر پارلیمانی الفاظ expunged کرتے ہیں۔ جب عامر چشتی صاحب کو floor دے دیا ہے تو آپ اس کے بعد بات کریں۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر عامر چشتی صاحب! پلیز۔

سینیٹر عامر ولی الدین چشتی: جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ میرے بعد سینیٹر عابد شیر علی صاحب کو time دے دیجیے گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ کو اس کے بعد ان شاء اللہ۔ آپ بیٹھیں۔ جی، عامر چشتی صاحب!

سینیٹر عامر ولی الدین چشتی: بہت شکریہ۔ دیکھیں! چیئرمین صاحب میں Chairman, Standing Committee on Interior کی بات کو second کرتا ہوں کہ انہوں نے recommendation دی ہوئی ہے کہ چیئرمین، ممبرز سینیٹ کا استحقاق ہونا چاہیے کہ وہ اپنا 10 یا 5 سال کا passport لیں۔ دوسری بات NOC کی ہے، یہ اختیار منسٹر صاحب کے پاس نہیں ہے کہ وہ ہمارے بارے میں طے کر دیں۔ verification and further verification اور اس کو upgrade کرنے کی کوشش کریں۔ یہ اختیار Parliament کا ہے۔ اگر چیئرمین صاحب نے یہ بات کہہ دی ہے۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں، انہوں نے وضاحت کی ہے کہ اس طرح کچھ نہیں ہے۔

سینیٹر عامر ولی الدین چشتی: نہیں نہیں، انہوں نے کہا ہے upgrade کر دیا ہے، ابھی طلال صاحب نے بیان دیا ہے کہ اس کو اور further verification کرانی ہے اور ہماری کیا کیا verification کروانی ہے؟ ہماری بیویوں، بچوں کے بارے میں پتا ہے، طلال صاحب نے اس کے اندر کیا further verification کرنی ہے؟ ان کو سب کچھ پتا ہوتا ہے تو بھئی یہ بالکل unacceptable ہے کہ member parliament خاص طور پر sitting سینیٹ ممبرز اور تمام MNAs کو اور خاص طور پر ابھی مجھے سینیٹر افنان صاحب نے بتایا کہ چھ مہینے سے ان کے بچے کا passport pending پڑا ہوا ہے۔ وہ sitting MNAs and sitting Senators کے بچوں کا نہیں بن پا رہا۔ سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور صاحبہ کے بچوں کا بھی نہیں بن پا رہا۔ سینیٹر محمد طلال بدر صاحب اگر گھر کے اندر ہی کچھ نہیں ہو رہا تو باہر کیا ہوگا؟ میری advice ہے، یہ unacceptable ہے کہ یہ اختیار Ministry of Interior or Ministry of

Foreign Affairs اپنے پاس رکھے۔ یہ اختیار صرف اور صرف سینیٹ چیئرمین یا ہماری Standing Committees کے پاس ہونا چاہیے۔ ہم نے decide کرنا ہے کہ ہم 5 سال کا لیں یا 10 سال کا لیں اور NOC کی کوئی requirement نہیں ہونی چاہیے۔ بہت شکریہ

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، سینیٹر عابد شیر علی صاحب! پلیز۔

سینیٹر عابد شیر علی: جناب چیئرمین! میں انتہائی ادب کے ساتھ۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: بات طلال صاحب کی نہیں، اس کی ذمہ داری اور عہدے کی ہے۔ وہ Minister of State ہیں۔ نہیں اس طرح نہیں ہے۔

سینیٹر عابد شیر علی: جناب چیئرمین! میں انتہائی ادب کے ساتھ فیصل صاحب بھی بیٹھے ہیں ہمارے Chairman, Standing Committee ہیں۔ Minutes موجود ہیں۔ Secretary Interior موجود تھے، انہوں نے کہا ہے کہ آپ کو Ministry سے NOC کی requirement ہے اور میں Standing Committee کو جواب دہ نہیں ہوں میں منسٹر صاحب کو جواب دہ ہوں۔ یہ الفاظ سیکرٹری صاحب کے کمیٹی میں موجود ہیں۔ میں معزز منسٹر صاحب کو بتانا چاہتا ہوں کہ آپ اس August House پر کھڑے ہو کر [***][1]

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ الفاظ ٹھیک نہیں ہیں۔

سینیٹر عابد شیر علی: جناب چیئرمین! یہ الفاظ ایسے ہی ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: الفاظ صحیح نہیں ہیں۔ ان الفاظ کو expunged کرتے ہیں۔

سینیٹر عابد شیر علی: آپ expunge کریں لیکن میں record پر بات کر رہا ہوں۔ میری بات کو سن لیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں آپ کی یقین دہانی کے لیے کہہ ہوں کہ سینیٹر محمد طلال بدر صاحب آپ کی پارٹی سے تعلق رکھتے ہیں تاکہ آپ کو یاد رہے۔

[1] *"Words expunged as ordered by the Deputy Chairman.".*

سینیٹر عابد شیر علی: جناب چیئرمین! میں as a Senator پورے ایوان کے استحقاق کی بات کر رہا ہوں۔ میں نے کوئی ذاتی اپنے بچوں کے passports کی بات نہیں کی، نہ میرا مسئلہ ہے۔ مجھے اللہ نے بہت عزت دی ہے۔ میں وزیر بھی رہا اور تین مرتبہ MNA بھی رہا ہوں۔ میری عرض ہے کہ جب سیکرٹری صاحب آتے ہیں تو وہ معزز ممبران کو ایوان میں جواب دہ ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں آپ کو جواب دہ نہیں ہوں، میں منسٹر کو جواب دہ ہوں، اس کی تصدیق یہ کریں گے۔ جناب! جب میری ایک entitlement ہے چاہے ایک سال کی ہے، چاہے طلال صاحب مجھے چھ مہینے، ایک سال یا دو سال کی entitlement دے دیں، ٹھیک ہے جو سب کے ساتھ ہے مجھے اس پر اعتراض نہیں ہے۔ میرا اعتراض یہ ہے کہ میں آپ کو اپنی آپ بیتی بتا رہا ہوں۔ میں خود DG passport کے پاس گیا انہوں نے مجھے کہا کہ ہمیں Interior Ministry سے order ہے آپ نے کسی کو entertain نہیں کرنا۔ ایسا ہمارے ساتھ کبھی نہیں ہوا۔ 22 سالہ, 25 سالہ career میں آج تک یہ واقعہ رونما نہیں ہوا۔ میں آپ سے التجا کر رہا ہوں کہ ہم سب کی عزت ہے, ہم اپنی پارٹی کو ایوان میں represent کرتے ہیں، یہ بھی کرتے ہیں ہم بھی کرتے ہیں۔ جناب! آپ میری عرض سُن لیں، میں یہاں پر کسی پارٹی کو represent نہیں کر رہا۔ ہم سب معزز colleague ہیں۔ (جاری۔۔۔T11)

T11-19Oct2026 Tariq/Ed: Mariam. 06:10 pm.

سینیٹر عابد شیر علی: (جاری۔۔۔۔) جناب! آپ میری عرض سن لیں، میں یہاں کسی جماعت کو represent نہیں کر رہا ہوں، ہم سب معزز colleagues ہیں، ہم سب سینیٹرز ہیں جب آپ کا اختلاف ہو گا تو issues پر ہو گا لیکن میں آپ کو آپ بیتی بتا رہا ہوں کہ اس وقت یہ معزز وزیر صاحب آئے، میں نے کہا کہ آپ کے یہ لوگ بیٹھے ہیں اور کہتے ہیں کہ NOC required ہے، یہ minutes کا حصہ ہے۔ میں نے آپ سے اپنی کوئی بات نہیں کی، میں معزز Law Minister سے بھی کہوں گا کہ اس کو explain کر دیں، کیا بطور سینیٹر ہمیں کسی بھی جگہ سے NOC required ہے، اگر ہے تو پھر وہ سب کے لیے ہونا چاہیے، آپ مجھے اس کی تفصیل بتا دیں اور میں Law Minister سے بھی چاہتا ہوں کہ بتا دیں کہ rules کیا کہتے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی وزیر قانون و انصاف صاحب۔

Senator Azam Nazeer Tarar

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ (وفاقی وزیر قانون و انصاف): جناب! اس ایوان کی عزت اور تکریم سب سے زیادہ عزیز ہے لیکن ہم یہ بھی ذہن میں رکھیں کہ ہم سب عوام کے نمائندے ہیں اور ان کی خدمت کے لیے یہاں بیٹھے ہیں۔ ہمارے پاسپورٹوں سے زیادہ اہم مسائل agenda پر بھی ہیں اور پاکستان میں بھی ہیں تو خدارا یہ وہ کام ہیں جو کمیٹی میں ہونے والے تھے۔ کمیٹی نے آج بڑی آسان سی بات کی ہے، ایک جمع ایک دو کر دیتے۔ جہاں تک اس anomaly کا تعلق ہے کہ جو term سینیٹر کی ہے اور جو رکن قومی اسمبلی کی term ہے اس میں جو ایک تضاد ہے اسے دور فرما دیا جائے، وہ fair بات ہے اور اس پر کسی کو کوئی اعتراض نہیں ہے۔ حکومت اور وزارت اسے support کر رہی ہے۔ دوسری explanation طلال صاحب نے دے دی ہے لیکن مجھے بھی کچھ دوستوں اور ادھر ادھر سے پتا چلا ہے۔ میں، رانا ثناء اللہ صاحب اور سپیکر قومی اسمبلی تھے، وزیر داخلہ سے اس بارے میں بات ہو گئی، یہ طے شدہ بات ہو گئی کہ کسی قسم کے NOC کی ضرورت نہیں ہے، یہ جو certificate confirmation کے لیے جاری ہوتا ہے یا ہونا چاہیے وہ سینیٹرز کے Chairman Senate اور MNAs کے لیے Speaker National Assembly دیں گے اور اس میں کوئی ابہام نہیں ہے۔ I am stating this on the floor of the House, سپیکر قومی اسمبلی، چیئرمین سینیٹ، وزیر داخلہ ہم لوگ اس کو resolve کر چکے ہیں، اس کو further clear کر دیں گے کیونکہ اگر کہیں پر کوئی confusion ہے تو وہ بھی دور ہو جائے گی۔

جناب! میں پھر repeat کر دیتا ہوں اور میری تمام دوستوں سے استدعا ہو گی کہ اس topic کو تبدیل کریں، اس کے بعد ہم agenda سے آگے چلیں۔ تیسری بات میں عرض کر رہا ہوں کہ جہاں تک anomaly ہے کہ کسی ایک category کو بعد از سروس اپنے بچوں کے لیے اجازت ہے تو two wrongs, do not make one right, ہم وہ anomaly دور کر دیتے ہیں، قادر صاحب اس حد تک اسے withdraw کر لیں گے اور میرا خیال ہے کہ اس explanation کے ساتھ میری استدعا یہ ہو گی کہ یہ topic close کیا جائے، آگے move کریں اور باقی جو ضروری کام ہیں وہ کیے جائیں۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر دلاور خان صاحب، میرے خیال میں وزیر قانون نے اس پر تفصیلاً بات کر لی ہے، اس پر مزید ابھی بات کرنے کی کیا ضرورت ہے۔ چلیں آپ دو منٹ بات کر لیں۔

Senator Dilawar Khan

سینیٹر دلاور خان: شکریہ، جناب چیئرمین! یوں تو ہر بات سمجھ جاتے ہو، پھر کیوں اراکین سینیٹ کو ستاتے ہو۔ یہ طلال چوہدری صاحب کے پاس شہد والی زبان ہے، اگر تیس ہزار پاسپورٹ issue ہوئے ہیں تو یہ اراکین سینیٹ نے issue نہیں کیے ہیں۔ یہ محکمے نے issue کیے، آج اس محکمے کے آپ سربراہ ہیں، کل اس محکمے کا دوسرا وزیر تھا تو مہربانی کریں جس tenure میں جس کسی کی entitlement نہیں تھی اور اسے passport issue ہوا ہے، آپ ایک بندے کو تو عبرت کا نشان بنائیں تاکہ آئندہ کوئی اس طرح کی حرکت نہ کرے۔ ہر مرتبہ کبھی تیس ہزار پاسپورٹ جاری ہوں گے اور ہم کہیں گے کہ ہمارے ساتھ دوسرے ممالک اس لیے pre-visa agreement نہیں کرتے کیونکہ آپ کے Blue Passport کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ مہربانی کریں اس تیس ہزار پاسپورٹس کی آج ہی inquiry کریں، جس جس tenure میں، جس کا حق نہیں تھا اور اسے passport دیا گیا ہے اسے ذمہ دار ٹھہرائیں، اسے سزا و جزا دیں، تب جا کہ یہ معاملہ رکے گا۔

باقی رہی Bill کی بات جو ہمارے معزز سینیٹر عبدالقادر صاحب نے پیش کیا ہے اگر اس Bill میں کوئی ambiguity یا کوئی ایسی چیز ہے جو وفاقی حکومت کے سیکریٹری کو آپ وہ چیز یا پاسپورٹ نہیں دے رہے ہیں تو ہمیں بھی نہ دیں۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی ٹھیک ہے۔ منسٹر نے ساری چیزوں کے بارے میں floor پر بتا دیا ہے۔ یہ ساری چیزیں ابھی کمیٹی میں بھی آ گئی ہیں، ساری چیزیں ہو گئی ہیں۔ جی وزیر قانون صاحب اسے defer کرنا ہے؟

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب word term کو جو use کرتا ہے، آپ وہ agenda item number ذرا بول دیں۔ Order No.24 کو آپ پیش کر دیں، اسے ہم pass کر دیتے ہیں، ابھی قومی اسمبلی میں بھی جانا ہے۔ اسے pass کر دیتے ہیں اور باقی یہ withdraw کر رہے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی. please

سینیٹر محمد عبدالقادر: جناب! Order No.24 ابھی reject نہیں ہوا، اس پر تو voting بھی ہوئی ہے۔ میں Order No.24 پیش کرتا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی Order No.24 پیش کریں۔

Senator Mohammad Abdul Qadir: I, Senator Mohammad Abdul Qadir, move that the Bill further to amend the Passports Act, 1974 [The Passports (Amendment) Bill, 2026], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

جناب ڈپٹی چیئرمین: اب میں تحریک کو ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: Second reading of the Bill, شق نمبر ۲۔ شق نمبر ۲ میں کوئی ترمیم نہیں ہے، لہٰذا اسے میں ایوان کے سامنے رکھتا ہوں۔ سوال یہ ہے کہ شق نمبر ۲ کو بل کا حصہ بنایا جائے۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: شق نمبر ۲ کو منظور کیا جاتا ہے اور بل کا حصہ بنایا جاتا ہے۔ اب میں شق نمبر ا بل کا ابتدائیہ اور عنوان لیتا ہوں۔ سوال یہ ہے کہ شق نمبر اکا ابتدائیہ اور عنوان بل کا حصہ بنایا جائے۔

(تحریک متفقہ طور پر منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: شق نمبرا، ابتدائیہ اور عنوان متفقہ طور پر منظور کیا جاتا ہے اور بل کا حصہ بنایا جاتا ہے۔Order No.25 سینیٹر محمد عبدالقادر صاحب، آپ آرڈر نمبر ۲۵ پیش کریں۔

Senator Mohammad Abdul Qadir: I, Senator Mohammad Abdul Qadir, move that the Bill further to amend the Passports Act, 1974 [The Passports (Amendment) Bill, 2026], be passed.

جناب ڈپٹی چیئرمین: اب میں تحریک ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: تحریک کی مخالفت میں کوئی نہیں ہے، تحریک منظور کی جاتی ہے اور بل منظور کیا جاتا ہے۔ آرڈر نمبر ۲۶، سینیٹر محمد عبدالقادر صاحب، آرڈر نمبر ۲۶ پیش کریں۔

سینیٹر محمد عبدالقادر: جناب چیئرمین! یہ وہی بل ہے جس پر کافی بحث ہوئی ہے اور جیسا کہ وزیر قانون نے کہا ہے کہ وہ چاہتے ہیں کہ اس میں consistency ہو اور انہوں نے بڑی اچھی justification بھی دی ہے اور ہم اس سے satisfied ہیں، اسے withdraw کر دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: Bill withdraw کرنے کے لیے ایوان کی اجازت ہے؟ Bill withdraw کیا جاتا ہے۔ شکریہ۔ ہماری ایک معزز سینیٹر ہیں فوزیہ ارشد صاحبہ، ان کی طبعیت ناساز ہیں اس لیے وہ چاہ رہی ہیں کہ میں پہلے item No.44 لے لوں۔

(جاری۔۔۔۔T12)

T12-19Oct2026 FAZAL/ED: Neelum 06:20 pm

جناب ڈپٹی چیئرمین: (جاری۔۔۔۔) ہماری ایک معزز سینیٹر صاحبہ ہیں، فوزیہ ارشد صاحبہ کی طبعیت ناساز ہے وہ چاہ رہی ہیں کہ میں پہلے Item No. 44, پیش کروں۔ اگر آپ اجازت دیتے ہیں تو سینیٹر فوزیہ ارشد صاحبہ! آرڈر نمبر 44 پیش کریں۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: بہت شکریہ۔ جناب چیئرمین! میں یہاں موجود تمام سینیٹرز کی شکر گزار ہوں اور ان تمام ارکان کی بھی جنہوں نے میری باری آنے سے پہلے مجھے بولنے کا موقع دیا۔ میں زیادہ دیر بیٹھ نہیں سکتی، اس لیے میں نے یہ درخواست کی تھی۔

I, Senator Fawzia Arshad, move that the Bill further to amend the Elections Act, 2017 [The Elections (Amendment) Bill, 2023], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، وزیر صاحب۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ (وزیر برائے قانون و انصاف): جناب چیئرمین! میں بڑے ادب سے عرض کروں گا کہ قانون میں ایک طریقہ کار وضع کیا گیا ہے۔ ہماری محترم سینیٹر صاحبہ چاہتی ہیں کہ اسلام آباد کیپیٹل ٹیریٹری میں بھی صوبوں کی طرح خواتین کی نشست ہو۔ فوزیہ صاحبہ، اگر میں غلط کہہ رہا ہوں تو میری اصلاح کر دیجیے گا۔ آپ ذرا وضاحت کر دیں کہ یہ بل کس بارے میں ہے؟

جناب ڈپٹی چیئرمین: فوزیہ صاحبہ کا مائیک آن کر دیں اور ذرا بلند آواز میں بات کریں تاکہ بات سمجھ میں آ سکے۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: یہ Item No. 44 ہے اور یہ قومی اسمبلی کی نشستوں سے متعلق الیکشن کا بل ہے تو اس کو defer کر دیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جب تک آئین میں ترمیم نہیں ہوتی اور آئین پاکستان میں نشستوں کی تقسیم تبدیل نہیں ہوتی، اس وقت تک آپ ذیلی قانون سازی نہیں کر سکتے۔ اگر ہم آج ایسی قانون سازی کرتے ہیں جس کی آئین اجازت نہیں دیتا تو یہ ultra vires to the Constitution ہو گی۔ ہم غیر آئینی قانون سازی نہیں کر سکتے، کیونکہ یہ ہمارے مینڈیٹ میں شامل نہیں ہے۔ اسی لیے میں نے عرض کیا تھا کہ آپ یہ بل واپس لے لیں، کیونکہ جب تک آئینی ترمیم نہیں ہوتی، اس بل کو ایوان کے سامنے پیش نہیں کیا جانا چاہیے۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: منسٹر صاحب! میں نے پہلے بھی درخواست کی تھی کہ قومی اسمبلی کی نشستوں سے متعلق اس بل کو کچھ وقت کے لیے defer کر دیا جائے۔ میں نے پہلے بھی کہا تھا کہ جب تک آئینی ترمیم نہیں ہوتی، میں اس معاملے پر بات نہیں کر سکتی۔ لیکن میرے پاس جو بل لگا ہوا آیا ہے، اس میں کچھ مختلف لکھا ہوا ہے۔ It says something different from what you are saying. اسی لیے میں تھوڑی confused ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: وزیر صاحب کہہ رہے ہیں کہ آئین کی وجہ سے ہمارے پاس mandate نہیں ہے۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: مجھے معلوم ہے کہ یہ آئینی معاملہ ہے اور اس کے لیے دو تہائی اکثریت درکار ہے، لیکن میرے پاس جو بل آیا ہے، اس میں کچھ اور لکھا ہوا ہے۔ ہم نے یہ بل 2022 یا 2023 میں بھی پیش کیا تھا۔ I am not very clear. Order Number 44 کو defer کر دیجیے۔ میں اسے آج پیش نہیں کرنا چاہتی، کیونکہ اس میں کافی confusion ہے۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! اس کو defer کر دیجیے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی defer کر دیتے ہیں۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: جناب چیئرمین! میرا دوسرا Item No. 46 ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، سینیٹر فوزیہ ارشد صاحبہ Item No. 46 move کریں۔

Consideration and passage of [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2024]

Senator Fawzia Arshad: I, Senator Fawzia Arshad, move that the Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860, the Code of Criminal Procedure, 1898 and the Qanun-e-Shahadat Order, 1984 [The Criminal Laws (Amendment) Bill,

2024], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

جناب ڈپٹی چیئرمین: محترم سینیٹر صاحبہ! ذرا اس بل کی وضاحت کر دیں۔

سینیٹر فوزیہ ارشد :جناب چیئرمین! یہ mental health سے متعلق بل ہے، جس میں insane اور lunatic جیسی اصطلاحات استعمال کی گئی ہیں۔ اس بل میں ان اصطلاحات کی جگہ mental disorder کی اصطلاح استعمال کرنے کی تجویز ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اب میں تحریک ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: تحریک متفقہ طور پر منظور کی جاتی ہے۔ اب بل کی second reading کے لیے شق 2 تا 34 ایوان کے سامنے پیش کی جاتی ہیں۔ ان شقوں میں کوئی ترمیم نہیں ہے۔ سوال یہ ہے کہ شق 2 تا 34 کو بل کا حصہ بنایا جائے۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: تحریک متفقہ طور پر منظور کی جاتی ہے اور شق 2 تا 34 کو بل کا حصہ بنایا جاتا ہے۔ اب بل کا ابتدائیہ اور عنوان ایوان کے سامنے پیش کیا جاتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ بل کا ابتدائیہ اور عنوان کو بل کا حصہ بنایا جائے۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: بل کا ابتدائیہ اور عنوان بھی متفقہ طور پر بل کا حصہ بنایا جاتا ہے۔ آرڈر نمبر 47, سینیٹر فوزیہ ارشد صاحبہ! جی پیش کریں۔

Senator Fawzia Arshad: I, Senator Fawzia Arshad, move that the Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860, the Code of Criminal Procedure, 1898 and the Qanun-e-Shahadat Order, 1984 [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2024], be passed.

جناب ڈپٹی چیئرمین: اب میں تحریک ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: تحریک متفقہ طور پر منظور کی جاتی ہے اور بل بھی متفقہ طور پر منظور کیا جاتا ہے۔ Item No. 28, سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری صاحبہ۔ جی، تحریک پیش کریں۔

Consideration of [The Criminal Laws (Amendment) (Honour Killings Prevention) Bill, 2026]

Senator Samina Mumtaz Zehri: Sir, I, Senator Samina Mumtaz Zehri, move that the Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 and the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Criminal Laws (Amendment) (Honour Killings Prevention) Bill, 2026], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، منسٹر صاحب۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: اب میری بدقسمتی یہ ہے کہ طلال صاحب یہاں بیٹھے ہوئے تھے، لیکن وہ مجھے ایک بہت بڑا چٹھا دے کر قومی اسمبلی چلے گئے ہیں۔ انہوں نے جو تحریر میرے حوالے کی ہے، اس کے مطابق متعلقہ وزارتیں اس بل کی مخالفت کر رہی ہیں۔ میں اس کی وجوہات بتا دیتا ہوں۔

پہلی بات یہ ہے کہ honour killing کی مختلف اقسام ہیں۔ اس حوالے سے پہلے ہی سزائیں کافی سخت ہیں اور قانون کو مؤثر بنانے کے لیے اس میں مناسب دفعات موجود ہیں۔ اب آپ کی جو تجویز grave and sudden provocation ہے۔

(جاری۔۔۔۔۔T13)

T13-19 Oct2026 Taj/Ed. Mubashir 06:30 pm

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: (جاری۔۔۔۔۔) اب جو آپ کی تجویز ہے، ایک تو grave and sudden provocation ہے، اس کے بارے میں straight away تجویز کر رہے ہیں کہ Section 302 میں ایک proviso ڈالا جائے جس میں یہ کہا جائے کہ provided further that no plea of grave and sudden provocation, loss of control or

moral outrage shall be admissible as a defence in any offence committed in the name or on the pretext of honour. اب honour دو طرح کی ہے،ایک تو یہ ہے کہ خدانخواستہ کاروکاری اور ان کے چکروں میں آپ honour killing کردیں تو آپ کہیں کہ مجھے اس پر premium دیا جائے گا۔جناب! ہم جس خطے میں بستے ہیں یا دنیا جہاں میں کہیں پر بھی، grave and sudden provocation, while exercising your plea of honour is also کہ آپ اپنی بیٹی یا بہن کے ساتھ بازار سے گزر رہے ہیں اور وہاں پر اس کے ساتھ کوئی دست درازی کرتا ہے اور وہاں پر اس دست درازی کی نوعیت ایسی ہے کہ وہ self-defence میں fall نہیں کرتی، self-defence تب ہوتا ہے جب آپ کو imminent danger of death and grievous hurt ہو لیکن کوئی آپ کی بہن، بیٹی کو گالی دے، اس سے دست درازی کرے، وہ بھی آپ کی honour کی plea ہوتی ہے and you react اور اس reaction میں grave and sudden provocation کا defence آپ کو available ہوتا ہے۔یہ situation to situation ہے۔جناب! کیوں ہم کہتے ہیں کہ جو آپ کے substantive laws ہیں، criminal laws ہیں، میں اپنی بہن کے سامنے ہمشہ برا بنتا ہوں لیکن میں نے جناب! 32 سال عدالتوں میں لگائے ہیں اور وہاں پر بہت کچھ سیکھا ہے۔

جناب! اس حد تک عدالت کو جو یہ discretion دی جاتی ہے، وہ اس لیے دی جاتی ہے کہ کتاب میں لکھے ہوئے لفظ کبھی بھی closure نہیں دے سکتے کسی transaction کو، ہر transaction کا ایک اپنا طریقہ ہوتا ہے۔ہر مقدمے کے واقعات مختلف ہوتے ہیں۔تو جب بھی قانون سازی کی جاتی ہے، پوری کوشش کی جاتی ہے کہ آنے والے وقتوں کے لیے یہ درست ثابت ہو۔

جہاں تک تعلق ہے کاروکاری یا غیرت کے نام پر ایسے قتل جن میں الزام لگا کر قتل کیا جاتا ہے کہ یہ بچی کسی کے ساتھ ٹھیک نہیں تھی یا اس بچی کی تصویریں کسی بچے نے لگائیں، اس کے لیے laws موجود ہیں، ان کو ناقابل راضی نامہ قرار دیا گیا ہے۔راضی نامہ باقی offenses میں ہو سکتا ہے، اس میں نہیں ہو سکتا۔اس میں یہ بھی لکھا گیا ہے کہ اس میں 302 'c' کی جو provisions ہیں یعنی کہ سزا 25 سال سے کام ہو سکتی ہے یا دو سال چار سال، وہ بھی ختم کر دی گئی ہے۔تو یہ بہت لمبی meetings کے بعد PPC میں یہ amendments آئی تھیں۔طلال صاحب یہ ساری جو مجھے دے کر گئے ہیں، یہ سارے حقائق اس میں لکھے ہوئے ہیں۔تو اس لیے حکومت اسے oppose کر رہی

ہےon these grounds کہ اس طرح سے جو laws ہیں،آپ کی نیت پر کوئی شک نہیں ہے۔آپ ایک بڑی نیک نیتی کے ساتھ ، ایک اچھے کام کے لیے اس کو لے کرآئی ہیں لیکن اس کی language میں جو ابہام ہےاور دوسرا یہ ہے کہ یہ law کو مزید complicated کرنے والی بات ہے۔Law میں یہ جو چیزیں آپ چاہ رہی ہیں کہ کاروکاری کے الزام لگا کر کسی کے characterپر الزام لگا کر اگر قتل ہو جائے تو وہ آپس میں مل کر طے نہیں ہو جانا چاہیے۔اس میں عدالت کا اختیار پہلے ہی Section 311 PPC میں ہےاور Section 345 Cr. PC میں کہ عدالت اس راضی نامے کو reject کرتی ہےاور اس کے باوجود سزا دے سکتی ہے لیکن ظاہر ہے سزا کیونکہ شہادتوں کی بنیاد پر ہونی ہے تو اس میں اگر کوئی کمی بیشی ہوتی ہے تو وہ ایک routine کے matter میں اور اس matter میں وہ تخصیص نہیں رکھی جا سکتی۔ تو ان وجوہات کی وجہ سے اسے oppose کیا ہے کیونکہ وزیر داخلہ خود چلے گئے ہیں اور یہ سخت ذمہ داری مجھے سونپ گئے ہیں۔ مجھے اپنی بہن سے پہلے بڑی شرم آتی ہے تو میں یہ عرض کروں گا کہ یہ Bill pass نہ کیا جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ تھوڑا سا explain کریں۔

سینیٹر شمینہ ممتاززہری: پہلی بات تو I have a lot of respect for my brother Azam Sahib. He has always been kind and he has always pointed out کہ میرے بل اچھی intention سے ہوتے ہیں لیکن وہ oppose ضرور کرتے ہیں۔اس کے ساتھ ساتھ میں یہ بولوں گی کہ وزیر داخلہ چلے گئے لیکن ان کا یہ کام بنتا تھا کہ جو ان کے objections آج اعظم بھائی بتا رہے ہیں،وہ اگر اُس دن بتاتے تو شاید میں ان کو کمیٹی میں explain کر سکتی۔ مسئلہ یہ ہے کہ I feel and think he is taking this habit personal.. اُس میرے کمیٹی ممبرز also feel the same thing کہ جو وزیر صاحب ہیں، دن تھوڑا سا ان کا mood بھی خراب ہو گیا تھا اور انہوں نے آپ کو file probably اس لیے handover کی کیونکہ وہ میرے سامنے یہ بات explain نہیں کر سکیں گے۔

جناب چیئرمین! نہایت احترام کے ساتھ ، یہ honour killing کا Bill ہے،آپ کو یاد ہوگا کہ بلوچستان میں ایک incident ہوا تھا جہاں پر پنچایت نے ایک مرد اور ایک عورت کو مار دیا تھا۔ پھر اس کے بعد ایک اور incident viral ہوا۔ یہ incidents repeated ہو رہے تھے۔تو اس میں according to the law, Azam bhai, correct me if I am wrong,

2019 میں سپریم کورٹ نے جرگہ، پنچایت کو abolish کر دیا تھا۔ اس کے باوجود وہ ابھی بھی چلتا ہے، ابھی بھی ویسے ہی ہو رہا ہے جیسے پہلے ہوتا تھا and in the name of honour which is not actually honourable لیکن وہ کسی نہ کسی کیس میں، آپ مجھے اس میں بھی correct کرلیں کہ ابھی تک جتنے بھی honour killing کے cases ہوئے ہیں، ان میں بعد میں کیا یہ prove نہیں ہوا کہ وہ innocent تھے۔ ساری families جن کو مارا گیا، جن بچوں کو honour کے نام پر مارا گیا۔ میاں بیوی نے شادی کرلی، ان کو پنچایت کے سامنے کھڑا کیا۔ اس میں ہم نے جو amendment, insertion کرائی ہے وہ Section 311A ہے۔

"Criminal liability for instigation, abetment or sanctioning of honour killing"

جناب! کیونکہ جرگہ already banned ہے تو وہاں پر جتنے بھی لوگ بیٹھے ہیں، ان کو aiders and abettors کیا ہے جو کہ ہمارے criminal law میں ہے۔ جناب! اس میں ہم نے as such کوئی difficult چیز نہیں کی، مسئلہ یہ ہے کہ جیسے میرے بھائی وزیر صاحب نے بولا کہ۔۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: دیکھیں آ گئے۔

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری: دیر سے آئے ناں۔ میں نے ابھی جواب دے دیا ہے۔ جناب! پوری کمیٹی نے بیٹھ کر اس پر دو تین مرتبہ بات چیت کی اور detailed discussions ہوئی تھیں جن میں ہم نے یہ بات کی تھی کہ as of today کی date میں جتنے بھی murders ہوئے ہیں، عدالتوں کی interpretation حاضر ہے، سارا کچھ موجود ہے۔ اگر اس law سے اس کو ہم زیادہ wide نہیں کر رہے، اس کو ہم اور زیادہ scope دے رہے ہیں کیونکہ even Judges have difficulty understanding what they are supposed to do when Panchayat is there. تو جناب! صرف اس کو ہم نے assess کیا ہے to make it better. ہم نے rape پر کتنی amendments کیں، ابھی بند ہوئے rapes. Sexual abuse? پر، violation پر ہم نے کتنے کیے، gender based violence پر کتنا کیا ہے۔ کتنے laws ہیں، کتنا ہم اس کو vast کیا ہے۔ ابھی جو میں نے resolution move کیا ہے، اس میں، میں نے کہا کہ forensic labs بنائیں کیونکہ کمیٹی میں جو پولیس آتی ہے، prosecutors آتے ہیں، وہ ہمیں یہ مڑ کو بولتے ہیں کہ جو sample تھا وہ damaged تھا تو result آ ہی نہ سکا تو بچہ تو گیا۔ اس پر بھی

میں نے پوری speech کی ہے۔ I am just trying to assist the present position of the country. ہم یہاں پر کتنی ہی پنچایت کرلیں، ان کو trainings دلائیں، اس کو add کریں۔ یہ آپ لوگوں کا کام ہے، ہم کر رہے ہیں۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ جی طلال صاحب۔

سینیٹر محمد طلال بدر (وزیر مملکت برائے داخلہ): جناب! گزارش یہ ہے کہ وزیر قانون صاحب نے ابھی ابھی explain کیا ہے۔ اس کو oppose کر رہا ہوں اور unfortunately میں تو نہیں چاہتا کہ کسی sensitive چیز کی مخالفت کروں لیکن جناب! کوئی قانونی چیزیں، کوئی already اس کا background اور وزیر قانون نے اگر کہا ہے، وزیر قانون اس قانون سازی کے معاملے میں بہت lenient ہیں۔ اور کیونکہ وہ خود قانون کو سمجھتے ہیں، وہ خود چاہتے ہیں کہ system کی بہتری کے لیے اس میں laws add ہوتے رہنے چاہییں۔ لیکن اگر وہ کہہ رہے ہیں تو میرا خیال ہے کہ بی بی اس کو واپس لے لیں اور اس پر دوبارہ ایک مرتبہ وزیر قانون اور وزارت قانون کے ساتھ بیٹھ کر بات کر لیں۔ اگر اس میں کوئی کمی کوتاہی ہے تو کر لیں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: گزارش یہ ہے کہ آپ نے کہا کہ قانون سازی، قانون سازی کے علاوہ ان کے پاس اور کیا طریقہ ہے۔ آپ کیا suggest کریں گی۔

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری: جناب! ووٹ کرادیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں، اس سے پہلے آپ نے کہا کہ جتنی قانون سازی ہوئی ہے اس پر عمل نہیں ہو رہا ہے تو قانون سازی ہی کرنی ہے، اور کوئی طریقہ نہیں ہے۔

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری: جناب! Assist کرنے کے لیے add on کر رہے ہیں۔ جہاں جہاں loopholes آ رہے ہیں، وہاں پر ہم ان کو assist کر کے دے رہے ہیں۔ یہ تو کام ان کا ہے۔ ملک کی جو present situation ہے، جتنے لوگ معصوم بے چارے مر رہے ہیں، ان کے لیے کسی نے، آج تک میں نے دیکھا ہے کہ وزرا ان کو support کرتے ہیں جو لوگ مار دیتے ہیں۔ دو تین تو ہمارے جرگے میں بھی دوستیاں نکل آئی تھیں۔ جناب! یہاں پر بہت ظلم ہے۔ If they want to delay this further, ان کی اپنی مرضی ہے لیکن I am sorry, my Committee was standing next to me. اس میں مجھے ان کی support ہے، داخلہ کی بھی اور

انسانی حقوق کی بھی۔ جناب! آپ Houseکاsense لے لیں۔ حکومت کاکام ہےobject کرنا۔ وہ کہتے کہ ہم بل لے کر آئیں گے۔ یہ بل کب آئیں گے؟ مجھے یہ تو بتادیں۔ جب سب مر مرا جائیں گے تو پھر بل آئیں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی اعظم صاحب۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: میری بہن ہیں۔ میں کوئی ایساrole play نہیں کرنا چاہتا۔ میں ہمیشہ یہ کہتا ہوتا ہوں کہ laws کو بہت سوچ سمجھ کر ہمیں بنانے ہوتے ہیں اور خاص طور پر penal laws جن میں سزائے موت ہے۔ اب اس میں ایک ہے کہ اگرgender-based پر سزائے موت رکھی گئی ہے، میں وہ پڑھ دیتا ہوں۔ جناب! وہ آخری سزا ہے، irreversible ہے۔ جناب! Law میں اگر language, میں معذرت سے عرض کروں گا کیونکہ میں نے اپنی قبر میں جانا ہے، law makersکی اگرlanguage defective ہوگی تو اگر میں بیٹھا ہوا ہوں تو یہ قصور میرا ہوگا۔ (جاری۔۔۔۔T14)

T14-19Oct2026 Rafaqat Waheed/Ed: Mubashir 6:40 pm

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: (جاری۔۔۔۔) جناب! میں معذرت سے عرض کروں گا کیونکہ میں نے اپنی قبر میں جانا ہے، law makers کی اگرlanguage defective ہوگی تو اگر میں یہاں بیٹھا ہوا ہوں تو یہ قصور میرا ہوگا۔ Law making میں ہمیں بہت احتیاط کرنی پڑتی ہے۔ شہادت اعوان صاحب عام طور پرcomment نہیں کرتے، یہ بیٹھے ہوئے ہیں، فوجداری وکالت میں انہوں نے ساری عمر گزار دی ہے۔ 302 کے provisoکی language یہ ہے کہ اگرon the basis of honour آپ قتل کرتے ہیں تو آپ کو grave and sudden provocationکاdefence حاصل نہیں ہوگا۔ مجھے یہ بتائیں کہ ایک شخص اس ملک میں اپنی جوان بیٹی کو لے کر اسکول یا کالج چھوڑنے جارہا ہے اور راستے میں کوئی اوباش اس کا پہلو پکڑتا ہے اور دست درازی کرتا ہے تو وہ honour میں ہی مارے گا۔ جناب! میں اس لیے عرض کرتا ہوں، شاید میں اپنی بات سمجھا نہیں پارہا، جب ہم قانون میں یہ لکھیں گے کہ کسی بھیhonour killing میں right of provocationآپ کو available نہیں ہوگا تو it would actually reverse so many other situations. پہلے جو قانون موجود ہے، please believe me کہ اس میںloopholes نہیں ہیں۔ Loopholes ہماری investigationاور prosecution میں ہوتے ہیں۔ اس میں قوانین کا قصور نہیں ہے۔ اگر آپ ہر واقعے پر قانون بنانا شروع کریں گے

تو واقعات تو روز تین سو ہوتے ہیں، پھر ہمیں روز تین سو amendments دینا پڑیں گی۔ Substantive laws کی بہت احتیاط سے tweaking کی جاتی ہے۔ فیصلہ اس ایوان کا ہے۔ میری یہ گزارش ہے کہ یہ اس صورت میں جس صورت میں یہ proposed amendments آئی ہیں، ایک تو موجودہ قانون کو complicate کر رہی ہیں۔ میں as student of law اپنے ذاتی تعلق کو بالکل فوقیت نہیں دوں گا کیونکہ میرے لیے بطور وزیر قانون یہ ضروری ہے کہ قانون جس شکل میں best serve کر سکتا ہے، اس شکل میں ہونا چاہیے۔ I am the one who has been opposing یہ جو concessions ملتی تھیں اور ہم نے advocate کیا جب laws کو دو دفعہ tighten کیا گیا۔ ایک دفعہ شہید محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ کے دور میں جب Women Protection Act آیا۔ دوسرا میاں نواز شریف صاحب کے دور میں 99-1998 کے اندر۔ اس کے بعد even پرویز مشرف کے دور میں بھی جسے ہم سمجھتے ہیں کہ مارشل لاء دور تھا، اس میں بھی ترامیم آئیں۔ یہ جو Anti-Rape Laws ہیں، عمران خان کے دورِ حکومت میں آئے اور ہم نے کمیٹی میں بیٹھ کر انہیں support کیا اور ان کو بہتر کیا، میں آپ سے صرف یہ عرض کرنا چاہ رہا ہوں۔

جناب! اب میں provisions پڑھ دیتا ہوں۔ ایک provision یہ بھی ہے، 509 کی، کہ اگر کوئی gender based crime ہوگا، اب اس میں بھی یہ problem ہے کہ gender-based کو ہم نے define کہاں پر کیا ہے۔ اس میں irrespective of crime جو بھی ہے، اس میں سزائے موت بھی تجویز کی گئی ہے۔ آپ نے جرگوں کی بات کی تو وہ قانون موجود ہے۔ Whosoever aids, abets, facilitates, provokes وہ جو PPC کا 108 ہے، اگر میرے پاس ہو تو میں پڑھ دیتا ہوں۔ میری problem یہ ہے کہ میں نے بیس سال Criminal Law پڑھایا بھی ہے، میں legislation کا بھی حصہ رہا ہوں، میں اپنی بہن سے ہاتھ جوڑ کر معافی مانگتا ہوں، مجھ سے غلطیاں ہو جاتی ہیں لیکن کسی بہن یا بھائی کو خوش کرنے کے لیے میرے لیے ممکن نہیں کہ میں ایک ایسی legislation ہونے دوں جس کی وجہ سے بے تحاشا complications آ جائیں۔ لہٰذا، میں دست بستہ عرض کروں گا کہ یہ جو آپ تجاویز دے رہی ہیں، یہ اتنی open ended ہیں کہ ان کی وجہ سے پوری scheme of law, confused ہو جاتی ہے۔ جو آپ کہہ رہی ہیں کہ سزائیں نہیں ملتیں، میں پھر دہراؤں گا کہ سزائیں نہ ملنے میں statutory provisions یا penal provisions کا کوئی قصور نہیں ہے۔ سزائیں نہ ملنے کی وجہ وہ disconnects ہیں، وہ خامیاں یا غلطیاں ہیں جو دوران تفتیش یا شہادت دیتے ہوئے ہوتی ہیں۔

ہمارے اپنے دین میں حضور نبی اکرم ﷺ کی ایک بڑی مسلمہ حدیث ہے۔ ان سے پوچھا گیا، قاضی نے پوچھا کہ میں کس طرح اپنے فرائض سرانجام دوں تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ ہم انسان ہیں، خطا کے پتلے ہیں، ہمارے ہاتھوں سے دس گناہگار بری ہو جائیں، وہ ظلم نہیں ہے کیونکہ ہم مسلمان ہیں، ہمارا ایمان ہے کہ اللہ تعالیٰ کے حضور پھر اس نے باقی ساری جو اس کی دوزخ کی زندگی ہے، اس کو برابر کرے گی لیکن اگر کسی ایک بے گناہ کو ہمارے ہاتھوں سزا ہو تو وہ نا قابل تلافی ہے۔ اس کی کوئی معافی نہیں ہے۔ یہی principles, common law کے بھی ہیں کہ جو benefit of doubt ہے، اس کو آپ نے کس طرح سے resolve کرنا ہے۔ جناب! ہم اس دور میں firing squad کے laws تو نہیں دے سکتے کہ ہم ایسا قانون بنادیں کہ کسی کا right of defence ہی ختم ہو جائے۔

میں بہت سوچ سمجھ کر بات کر رہا ہوں اور بطور وزیر انسانی حقوق، میرے لیے یہ روز کے issues ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ پلیز، آپ اس کو دیکھیں، آپ کی پوری ٹیم آپ کے پاس موجود ہے۔ قانون سازی میں انا نہیں ہوتی، کوئی ego نہیں ہوتی۔ قانون سازی ایک فرض ہے جو ہم نے ادا کرنا ہے۔ للذا، مہربانی فرمائیں۔ اس شکل میں یہ قانون Pakistan Penal Code کو بہت complicate کر رہا ہے۔ میری یہ ہاؤس سے استدعا ہے۔ باقی آپ سب بیٹھے ہیں، جو بھی آپ فیصلہ کریں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: خلیل طاہر سندھو صاحب۔

سینیٹر خلیل طاہر: جناب چیئرمین! شکریہ۔ انتہائی ادب اور احترام کے ساتھ، جناب وزیر قانون صاحب نے جو کہا ہے، ان کے ساتھ کام بھی کیا ہے، ان کے چیمبر میں بھی رہے، انہوں نے ہمیشہ human rights کی سربلندی کے لیے کام کیا ہے لیکن ابھی انہوں نے ایک بات کی کہ اگر ایک باپ اپنی بیٹی کو لے کر جا رہا ہے تو راستے میں اگر کوئی اس بیٹی کو چھیڑتا ہے تو باپ کیا کرے گا۔ کیا کبھی killing میں بھی honour ہوتی ہے۔ نمبر ایک۔ نمبر دو، اگر بلوچستان میں ایک خاتون، قرآن پاک کو جو آخری کتاب ہے، اپنے سر پر اٹھا کر لاتی ہے اور کہا جاتا ہے کہ اس کو مار دو۔ بعد میں وہاں کا head کہتا ہے کہ اس کو ٹھیک مارا گیا ہے کیونکہ یہ کسی اور سے شادی شدہ تھی۔ کیا یہ جائز ہے؟ اس لیے اس کو بہتر بنایا جاسکتا ہے۔ جس طرح انہوں نے کہا ہے کہ اگر کوئی باپ لے کر جا رہا ہے تو اس کو علیحدہ کر لیں جس طرح 311 کو ہم نے کیا ہے کہ اس کو نا قابل راضی نامہ کر دیا ہے لیکن یہ نہیں کہ وہی بھائی اپنی بہنوں کو کاریں لے کر دیں اور بعد میں ان کا باپ ان کو غیرت میں مروادے۔ ایک لڑکی تھی قندیل بلوچ، اس کے باپ نے اس کو مروا دیا جبکہ بعد میں اس نے legal وارث بن کر ان کو معاف کر دیا۔ میں وزیر قانون صاحب سے

humble submission کروں گا کہ general preferential system میں بھی اصلاحات ہوتی ہیں، پوری دنیا میں ہوتی ہیں۔ میں، محترمہ زہری صاحبہ اور اے۔ڈی خواجہ صاحب باہر تھے، ہم جانتے ہیں کہ کس قسم کے questions وہاں پر ہوتے ہیں اور انہیں ہم سے زیادہ پتہ ہے۔ لہٰذا، اس کو تھوڑا سا differentiate کرلیں کہ یہ فلاں چیز ہو گئی اور یہ فلاں چیز ہو گئی۔ سندھ میں کاری نام کا ایک قبرستان ہے۔ کبھی ایسا بھی ہوا ہے کہ آپ کاری کے نام پر قبرستان رکھ دیں۔ میری ذاتی گزارش ہے کہ محترم وزیر قانون صاحب سے کہ اس کو تھوڑا سا وسیع کرلیں، اس کو آگے لے جائیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی آپ بات کریں۔

Senator Samina Mumtaz Zehri: Honourable Minister stated that this is about ego. Let me clarify that these Bills are not about my ego and I am not here to push the honourable Ministers or anybody. I am only begging them literally to do something.

جیسے انہوں نے خود کہا کہ یہ investigation اور prosecutor کا کام ہے تو آپ لوگوں نے ابھی تک کیا کیا ہے اس prosecution اور Investigation Officer کو بہتر کرنے کے لیے کیونکہ یہ چیز over and over ہمارے سامنے تین سال سے تو آرہی ہے کہ یہ مسئلہ ہے۔ دوسری چیز، جیسے منسٹر صاحب نے ابھی بولا کہ وزیر داخلہ صاحب نے مجھے کہا کہ یہ ساری باتیں تو آج اعظم صاحب بتا رہے ہیں، جو آپ کہہ رہے ہیں، اس کو واپس revisit کریں کمیٹیز کے اندر، فیصل سلیم صاحب موجود نہیں ہیں یہاں پر؟ آپ بتائیں اس honour killing پر ہماری کتنی meetings ہوئی ہیں۔ چار سے پانچ meetings ہو چکی ہیں۔

Why wasn't this subject taken seriously at that time? Why am I supposed to go back to the Committee and then waste my time more on the same subject that I have already visited five times before?

جناب! میں کیا یہاں فارغ انسان ہوں؟

جناب ڈپٹی چیئرمین: ویسے آپ غصہ کرتے ہوئے اچھی نہیں لگتیں۔

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری: کوئی بات نہیں جناب! اب آپ لوگ used to ہو جائیں۔ You are ridiculing my work. میں یہاں پر اپنے بچوں کو تحفظ دینا چاہتی ہوں۔ یہ بلوچستان کے بچے ہیں، سندھ کے بچے ہیں۔ آپ کو پتا ہے کہ وہاں پر unaccountable لاشیں جاتی ہیں۔ جا کر ڈال دیتے ہیں، dump کرتے ہیں۔ کل کو کسی پر بھی الزام لگا کر ڈال دو گے؟ You are talking about this law is right, that law is right. آپ لوگ مجھے بتائیں، شہادت صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، پلیز بتائیں۔ Where is this wrong? آپ لوگ بٹھائیں۔ میرے بڑے ہیں، میرے سینیئر ہیں، ہمیں پڑھا چکے ہیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: ایسے کر لیتے ہیں، میں معذرت چاہتا ہوں اگر آپ کی دل آزاری ہوئی ہے، میرا یہ subject ہے human rights میں بھی، میں صرف یہ عرض کر رہا ہوں کہ یہ provisions پہلے law میں موجود ہیں۔ اس سے چیزیں complicate ہو رہی ہیں۔ اس کو ایک دفعہ فاروق نائیک صاحب، شہادت اعوان صاحب، سب بیٹھتے ہیں Law and Justice کی کمیٹی میں، میں بھی آ جاؤں گا، آپ بھی بیٹھ جائیں، ایک دفعہ اس میں consider کر لیا جائے۔ آپ نے کہا کہ آپ نے اس کے علاوہ کیا کیا ہے۔ جناب! ہم نے چار سال لگا کر 103 ترامیم کا مسودہ تیار کیا جو کہ قومی اسمبلی میں موجود ہے۔ اب یہ parliamentarians کی priorities کی بات ہے۔ وہاں کی اسٹینڈنگ کمیٹی میں آٹھ ماہ سے پڑا ہوا ہے۔ اس میں بہت ساری چیزیں بہتر کرنے کے لیے ڈالی ہیں کہ investigation stage پر کیا کیا مزید ہونا چاہیے۔ Forensic science laboratory کی رپورٹس کے کس طرح سے samples preserve کیے جائیں، کہاں پر admissibility ہو گی، کون سی confessional statements کی video recording ہونی چاہیے تاکہ کل کو وہ بندہ اس سے retract نہ کر سکے۔ (جاری۔۔۔۔T15)

T15-19Oct2026 Ali/Ed: Shakeel 06:50 pm

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: (جاری۔۔۔۔) ان کی video recording ہونی چاہیے تاکہ کل کو وہ بندہ اس سے retract نہ کر سکے، 161 کے بیان کی video recoding ہونی چاہیے تاکہ وہ کل کو اپنے بیان سے resile نہ ہو سکے۔ Court کی جو evidence ہے، اس کا transcript ہاتھ سے بنتا ہے جس میں غلطیاں ہو جاتی ہیں؛ اس کی recoding ہونی چاہیے اور وہ preserved ہونی چاہیے، اس میں 103 amendments ہیں۔ ہماری نیت پر شک نہ کریں، ہم نے ساری عمر یہ کام خود کیے ہیں۔ آپ کی نیت میں کوئی شک نہیں ہے، میں

صرف یہ عرض کر رہا ہوں کہ یہ جو انہوں نے لکھا ہے اور Ministry of Law and Justice نے آپ کی موجودگی میں Committee میں ایک بڑے paragraph پر objections کیے ہیں I don't want to repeat those. Report میں لکھا ہوا ہے، جو report lay ہوئی ہے، اس کا 03 paragraph پڑھ لیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں آپ کو floor دوں گا۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: اس کا 03 paragraph پڑھ لیں، اسے Senate کی Law and Justice Committee میں بھیج دیا جائے۔ فاروق ایچ نائیک صاحب اسے Chair کرتے ہیں، اس میں شہادت اعوان صاحب بھی ہیں، علی ظفر صاحب بھی ہیں، اس میں آپ کے وہ سارے بھائی موجود ہیں جن کی ساری عمر انہی چیزوں کو درست کرتے ہوئے گزری ہے۔ خلیل طاہر صاحب بھی ہیں، اسے examine کر لیں، I would be the first man to raise my hand.

جناب ڈپٹی چیئرمین: شہادت صاحب بھی کچھ کہنا چاہ رہے ہیں۔

Senator Shahadat Awan

سینیٹر شہادت اعوان: گزارش یہ کرنی ہے کہ سینیٹر صاحبہ کا کہنا بالکل صحیح ہے کہ اگر اتنی محنت کمیٹی میں کر دی جائے تو ان کا کم از کم اتنا وقت ضائع نہ ہو۔ اصل بات یہ ہے کہ Interior ہو گئی، Law ہو گئی، Government والے ہو گئے وہ وہاں اتنی دلچسپی نہیں لیتے ہیں۔ وہ ایک اچھا کام کرنے کے لیے یہاں آئی ہیں اور اگر Ministry سمجھتی ہے کہ اس میں کوئی کمی یا کوتاہی ہے اور اگر میڈم agree کرتی ہیں، تو پھر وزیر صاحب اپنی team کو ان کے ساتھ بٹھائیں اور اس میں اگر کوئی improvement کرنی ہے، تو وہ کر لیں اور اگر نہیں ہے تو پھر بھلے ان کے بل پر vote کروالیں، وہ آپ کی مرضی ہے۔ لیکن بات یہ ہے کہ ان کی نیت اچھی ہے، انہوں نے effort کی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس میں مزید بہتری لانا چاہتے ہیں۔

سینیٹر شہادت اعوان: کمیٹی میں چھ مرتبہ یہ معاملہ take up ہوا ہے، چھ مرتبہ take up ہونے کے بعد یہاں آیا ہے اور آج پھر وہیں کی وہیں کھڑی ہیں اور ان کا وقت ضائع ہوا ہے، اعظم صاحب۔ اگر آپ نے یہ کرنا ہوتا تو پہلے آپ لوگوں کو۔۔ وہ جام صاحب جو ہیں۔۔ تو ٹھیک ہے جی، آپ کی کمیٹی میں بھیج دیتے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اب پتا چلا کہ مشال صاحبہ آپ آ گئی ہیں، ہمیں پتا چل گیا ہے۔ سمیعہ ممتاز صاحبہ کو mic دے دیں۔

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری: دس دن کے اندر اگر یہ آپ کروا دیں تو it would be great.

جناب ڈپٹی چیئرمین: ایک چیز کی وضاحت کر دیں کہ یہ قانون کی کمیٹی دیکھی گی یا انٹیریئر کی؟

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: میں کہہ رہا ہوں، وہ میری بہن ہیں، میں آج خود طلال صاحب کی ذمہ داری دے رہا ہوں۔ Para 05 میں تھا کہ representative from Ministry of Law and Justice opposed the Bill on several grounds; first, second, third, fourth, یہ چار تھے۔ یہ report ساتھ لگی ہوئی ہے۔

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری: اعظم صاحب، میں بولنا نہیں چاہ رہی، جو بولنے کا میرا دل کر رہا ہے، I am just saying let's control it, let's keep it to the committee and I will speak.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: میں کہہ رہا ہوں کہ آپ نے بالکل مہربانی کی ہے، Law and Justice کی Committee میں بھیج دیں، وہاں سارے seniors موجود ہیں، ثمینہ بہن کے ساتھ بیٹھیں گے، اس کو اس تناظر میں ٹھیک کر لیں گے، کوئی دس دن میں کر لیں گے۔

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری: چیئرمین صاحب! اگر Session کے دوران ہو جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: فاروق ایچ نائیک کی Law and Justice کی Committee میں ٹھیک ہے۔

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری: بالکل ٹھیک ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: وقت کتنا ہے؟ ہفتہ، دس دن، کتنا؟ اچھا, 10 days ٹھیک ہے۔ ان دنوں میں Session ہے۔ چلیں اس کو کمیٹی میں refer کر دیں۔ Order No.48 ہے سینیٹر زرقا صاحبہ کا۔۔ ثمینہ ممتاز صاحبہ۔

Mr. Deputy Chairman: Order No. 30, Senator Samina Mumtaz Zehri *Sahiba*.

Consideration of [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2026]

Senator Samina Mumtaz Zehri: I, Senator Samina Mumtaz Zehri move that the Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 and the Code of Criminal

Procedure, 1898 [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2026] (Insertion of new section 338CA in PPC and subsequent amendment of Schedule II of Cr.P.C), as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

جناب ڈپٹی چیئرمین: بتائیں منسٹر صاحب۔

سینیٹر محمد طلال بدر: جانب! گزارش یہ ہے کہ مخالفت کرنے کا تو میرا بھی دل نہیں کر رہا، لیکن کئی چیزیں ایسی ہیں کہ وہ اگر اس ایوانوں میں بھی rectify نہ ہوں اور قانون کو پوری جانچ پڑتال کے بعد نہ بنایا جائے، تو اس کے جو اثرات ہیں، وہ آنے والے کئی وقت تک پورے معاشرے پر رہتے ہیں۔ اس میں غالباً جو تفصیلات ہیں، وہ private hospitals کے بل اور ان کی فیسوں سے متعلق ہیں؛ ایسے ہی ہے میڈم؟ اب private hospitals کو اگر ہم نے یہ کہنا ہے کہ آپ بغیر بل کے کام کریں گے اور ان پر اس طرح کی پابندیاں لگائیں گے، تو یہ بھی ایک بہت بڑی investment ہے اور یہ ایک بہت بڑا sector ہے۔ تو اس میں اسی طرح کی کچھ اور قباحتیں بھی ہیں اور میں اس وقت دوبارہ عرض کر دوں اگر وہ اس بات پر ناراضگی کا اظہار نہ کریں، میں نے یہ بات Interior کی کمیٹی میں بھی کی تھی کہ جس speed سے ہم نے یہ Bill پاس کیے ہیں، میں نے اس وقت بھی کہا تھا کہ یہ مناسب نہیں ہے۔ اس میں Health والوں کو سن لینا چاہیے؛ جب تک ہم Health والوں کو on board نہیں لیں گے، اس طرح کا Bill پاس کرنا مناسب نہیں ہے۔ میں نے اسے وجہ سے اس کو وہاں بھی oppose کیا تھا اور ابھی بھی oppose کر رہا ہوں کہ جب تک Health Ministry اور صوبے؛ چونکہ 18th amendment کے بعد health صوبوں کے پاس جا چکا ہے اور implementation کا معاملہ تب ہی بنے گا جب آپ کا قانون صحیح بنے گا۔ جب تک صوبوں اور Health Ministry کی رائے اس پر نہیں آتی، اس وقت تک تو اسے پاس نہیں ہونا چاہیے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: Consensus سے ہونا چاہیے۔

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری: چیئرمین صاحب! this is very important, more than honour killing, this is important, Sir. یہ Bill اس لیے move کیا تھا، because I am also a member of the Health Committee, Sir. یہ Bill health committee میں جا کر پھر Interior میں آیا ہے، وزیر صاحب کو یہ بات پتا نہیں ہے۔ this is وہاں سے approve ہو کر یہاں آیا ہے to the Interior Committee and میں اس میں ایک اور چیز بتا دوں،

not restricting any hospital from taking charges. یہ بہت سارے incidents ہو رہے ہیں کیونکہ یہ ان کا کام ہے کرنا اور check and balance کروانا۔ لوگوں کی، ابھی جیسے۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: وہ ساتھ میں یہ کہہ رہے ہیں کہ چاروں صوبوں کے۔۔

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری: ہم 18th amendment کے under restricted ہیں، we are not supposed to take opinion because ہم ICT سے محدود ہیں، تو یہ ICT کے لیے ہے۔

دوسری بات، Chairperson Interior بیٹھے ہوئے ہیں، ان کے جاننے والے کے ساتھ بھی ایک واقعہ ہو چکا ہے، میرے ساتھ بھی ہوا ہے، ان کے جاننے والے کوئی اپنی family member کو لے کے آ رہے تھے، I am sorry I am naming the hospital also. وہاں پر لے کے گئے، on the way there the person passed away. انہوں نے کہا سات لاکھ روپے لا کر دو تو ہم dead body release کریں گے، تین گھنٹے رکھنے کے بعد۔ حالانکہ انہوں نے کوئی اس کا treatment نہیں کیا۔ یہ تو ظلم ہو رہا ہے عام عوام کے ساتھ۔ A person who could not take away his family member after being announced dead, this is what I was trying to do, this is what's happening in your country, this is what's happening in the hospitals, this is what the Bill is about, not restricting any hospital from not getting their amounts back. kindly وزیر صاحب تھوڑا دھیان دیا کریں ان باتوں پر، یہ بہت sensitive ہیں، باہر عام عوام تڑپ رہی ہے۔ تین تین، چار چار لاکھ روپے لوگوں سے لے کے اور اس کے بعد وہ dead bodies release کرتے ہیں، یہ ظلم ہے اور یہ صرف اور صرف ICT میں نہیں ہو رہا، یہ سارے Provinces میں ہو رہا ہے، تو آپ سب جاگ جائیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جواب دیں۔

سینیٹر محمد طلال بدر: میری بات کی خود ہی تائید کر رہی ہیں۔ دیکھیں، قانون بناتے ہوئے یہ کمیٹی سے، چیئرمین صاحب سے اس بات پر میں نے اس دن بھی گلہ کیا تھا۔۔۔

(جاری۔۔۔۔T16)

سینیٹر محمد طلال بدر: (جاری۔۔۔۔) میری بات کی خود ہی تائید کر رہی ہیں۔ دیکھیں، قانون بناتے ہوئے یہ کمیٹی سے، چیئرمین صاحب سے اس بات پر میں نے اُس دن بھی گلہ کیا تھا کہ اُس دن انہوں نے speed of light سے قانون pass کیے ہیں۔ دیکھیں، میری بات سنیں، میں نے اس دن صرف اتنا کہا تھا کہ آپ health والوں کو ایک دفعہ آنے دیں اور صوبوں سے منگوانے دیں۔ ایک اچھی legislation کرنے کے لیے ہم کیوں جلدی کرتے ہیں؟

دوسری بات یہ ہے کہ کیا اچھی legislations ساری کی ساری اسلام آباد پر ہی فرض کر دی گئی ہے؟ ان کے صوبے نہیں ہیں؟ ان کی اسمبلیاں نہیں ہیں؟ جتنے قانون اللہ کی مہربانی سے یہاں اسلام آباد ICT کے لیے pass ہو رہے ہیں۔

(مداخلت)

سینیٹر محمد طلال بدر: میں اپنا موقف دے رہا ہوں، میں نے کوئی غیر پارلیمانی بات نہیں کی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ مناسب نہیں ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر محمد طلال بدر: میں نے کوئی غیر پارلیمانی بات نہیں کی ہے۔ اس میں کیا rules لاگو ہوں گے؟ میں نے غیر پارلیمانی بات نہیں کی۔ تو آپ کیوں بول رہی ہیں؟ کیوں ہر وقت اپنے آپ کو نمایاں کرتی ہیں؟ ہر وقت خبر بنانے کی کوشش کرتی ہیں۔ اگر آپ کو کوئی lift نہیں کراتا تو نہیں کراتا۔ کیا کر رہی ہیں آپ؟ آپ بار بار ایسا نہ کریں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: مشال صاحبہ! آپ کو floor ملے گا، تو آپ بات کریں۔ اس طرح بات نہیں کرتے۔

سینیٹر محمد طلال بدر: جناب گزارش یہ ہے کہ میری۔۔۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر مشال اعظم! جب تک آپ کو floor نہ ملے، آپ بات نہیں کر سکتی ہیں۔

سینیٹر محمد طلال بدر: ۔ سینیٹر صاحبہ سے میں گزارش کرلیتا ہوں کہ ہم دوبارہ اس حوالے سے health والوں سے detail لے کر اور جو صوبوں کی چھوٹی موٹی amendment ہیں، وہ اس میں ڈال کر اس law کو دوبارہ اچھا بنا کر لے آئیں گے۔ یہ میں ان سے وعدہ کرلیتا ہوں۔ اس وقت اس کو defer کر دیں۔

(مداخلت)

سینیٹر محمد طلال بدر: اس وقت اس کو defer کرلیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، اس کا جواب بھی لے لیتے ہیں اور اس حوالے سے جو غیر پارلیمانی الفاظ House میں استعمال ہوئے ہیں، میں اُن کو بھی expunge کرتا ہوں اور مشال صاحبہ۔۔۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: مشال صاحبہ! آپ بھی ہمارے لیے باقی senators کی طرح honurable ہیں۔ جب تک آپ کو mic نہیں ملے گا، آپ بات نہیں کر سکتیں۔ آپ اس طرح بات نہیں کریں گی۔ یہ جلسہ نہیں ہے یا جلوس نہیں ہے، یہ Upper House ہے۔ آپ پلیز خاموش رہیں۔

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری: ابھی انہوں نے بہت اچھی بات کی ہے تو میں ان کو کچھ زیادہ نہیں کہہ سکتی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: چلیں، ان کو ایک موقع اور دیں۔

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری: جناب، یہ health committee میں گئی تھی اور approve ہو کر، ابھی عامر چشتی صاحب یہاں موجود نہیں ہیں۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری: نہیں جناب، دوبارہ نہیں کر سکتے۔ یہاں میرے لیے بڑا مسئلہ ہو جاتا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ایک موقع اور دیں۔

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری: جناب، کل health committee کی meeting ہے۔ اگر آپ اُدھر بھجوا دیں اور منسٹر صاحب kindly time نکال کے آپ بھی آ جایئے گا۔

(مداخلت)

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری: جی 3:30 تک، نہیں وہ میں agree کرتی ہوں۔ آپ 3:30 تک آتے ہیں لیکن سنتے نہیں ہیں۔ کل 3:30 پر ہے، please and kindly وہاں پر آ جائیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: دیکھیں، ان کی اچھی باتوں کو آپ appreciate کریں۔

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری: نہیں جناب، میں accept کر رہی ہوں۔ وہ الگ بات ہے کہ یہ آتے ہیں لیکن سنتے نہیں ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: چلیں، کل کے لیے۔۔۔

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری: جناب پلیز کل کے لیے بھجوا دیں۔

سینیٹر محمد طلال بدر: جناب، میری گزارش سنیں۔ اگر صوبوں سے رائے آ جائے تو اتنا اچھا Bill ہے۔

Senator Samina Mumtaz Zehri: These are just delaying tactics on the part of government. اب یہ بات غلط ہے۔

سینیٹر محمد طلال بدر: نہیں delaying نہیں، دیکھیں، آپ اس کو time bound کر دیں۔

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری: نہیں، آپ time bound کیا کریں گے؟

سینیٹر محمد طلال بدر: جناب، اس کو time bound کر دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: چلیں، فیصل سے بھی رائے لے لیتے ہیں۔

سینیٹر محمد طلال بدر: آپ چیئرمین صاحب سے بات کر لیں۔ اُس دن چیئرمین صاحب میرے ساتھ غصے میں تھے تو اُنہوں نے چار Bills pass پاس کروا دیے تھے، science and technology کا بھی کرا دیا، صحت کا بھی کروا دیا تھا۔

Senator Faisal Saleem Rehman

سینیٹر فیصل سلیم رحمان: جی، اس طرح ہے کہ جب کمیٹی میں Bills بھجوا دیے جائیں تو وہ senators ہی ہوتے ہیں جو اس پر voting کرتے ہیں اور اگر سارے senators unanimously pass کریں تو میں اس کو روکنے والا کون ہوتا ہوں۔ نہ منسٹر صاحب کو ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ آپ اس کو رکوائیں۔ جب سارے senators کہیں کہ ہم pass کرتے ہیں تو ظاہری بات ہے کہ میں کمیٹی میں senators کی رائے لے کر اور اس پر voting کروا کر اور pass ہی کر کے ہی یہاں پر report جمع کراؤں گا۔

چیئرمین صاحب! دوسری بات یہ کہ یہاں سے اگر ہمارا secretariate health کا Bill وہاں پر بھجواتا ہے تو ظاہری سی بات ہے کہ ہم Interior Committee میں لیں گے۔ اور ہم کیا کر سکتے ہیں۔ اگر ہمارا secretariate ہمارے پاس health کا Bill بھجواتا ہے تو میں نے Interior Committee میں لینا تو ہے۔ اس لیے کہ میرے پاس تو یہاں پر Chairman Office سے آتا ہے اور یہ والا specific Bill تو health سے ہو کے پھر Interior اس وجہ سے آیا تھا کہ اس میں ICT involved تھا۔ شکریہ جناب۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جان بلیدی صاحب! اس بارے میں آپ کچھ کہنا تو نہیں چاہتے؟ اچھا۔ تو آپ بتا دیں بیرسٹر صاحب۔

سینیٹر محمد طلال بدر: نہیں، جناب کوئی ایسا مسئلہ نہیں ہے۔ اسے ہم دوبارہ دیکھ لیتے ہیں۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جان صاحب! جان صاحب، پلیز۔ جان صاحب! جان بلیدی صاحب! میں آپ کو floor دے رہا ہوں آپ بات کریں۔ Walk out کے بجائے آپ بات کریں تاکہ لوگ سن سکیں۔ ناصر بٹ صاحب، پلیز۔

Senator Jan Muhammad

سینیٹر جان محمد: اٹھارویں ترمیم میں health جو ہے وہ صوبائی subject ہے لیکن آپ نے یہاں ministry بنائی ہوئی ہے۔ جب آپ پھنستے ہیں تو صوبوں کی طرف دیکھتے ہیں اور جب صوبائی معاملات ہوتے ہیں تو آپ ignore کر جاتے ہیں۔ میرا مقصد یہ ہے کہ اول تو یہ غیر آئینی طور پر یہاں وفاق میں رکھی گئی ہے، اس ministry کی ضرورت ہی نہیں ہے۔ وہ 17 departments جو آپ نے اٹھارویں ترمیم میں devolve کیے تھے، اس کی دوبارہ ministry بنانے کی کوئی ضرورت نہیں تھی۔ جو چیزیں یہاں ہیں تو اُس کے لیے ministry کی کیا ضرورت ہے۔ اسلام آباد اتنا چھوٹا سا تو ہے۔ اسلام آباد کے لیے آپ نے Federal Minister رکھے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: بیرسٹر صاحب ! اس میں آپ قانونی پوزیشن بتا دیں کیونکہ یہ basic issue Interior کا ہے اور اگر وہ Health Committee کو دس روز دے سکتے ہیں تو ایک کمیٹی ان کو بھی time دے۔ آپ بتا دیں اس پر قانونی position کیا ہے؟

Mr. Aqeel Malik, State Minister for Law and Order

جناب عقیل ملک (وزیر مملکت برائے قانون و انصاف): جناب اس میں واضح طور پر interior کا موقف ہے کیونکہ اس میں جو main line ministry اور concerned ministry ہے، وہ Interior ہی ہے۔ اس پر میں بالکل اتفاق کرتا ہوں کہ کمیٹی میں جو discussion ہوئی اور کمیٹی میں جو معاملات ہوئے، اُس پر صوبوں کی رائے آنے دیں کیونکہ law making ایک concurrent subject ہے اور اس میں صوبوں کا حصہ بھی ہے۔ یہاں پر اسلام آباد کی حد تک اگر اس کا اطلاق کرنا ہے تو پھر ایک اور بات ہے لیکن بات یہ ہے کہ اگر ایک اچھا Bill ہے اور ایک اچھی سوچ ہے تو اس میں میرے خیال سے اگر across the board کرنا ہے تو اس میں فی الوقت اس کو defer کر دیں، کوئی یہ تو نہیں ہے کہ۔۔۔

(مداخلت)

Mr. Aqeel Malik: No, absolutely, but I mean with the intention of this Bill actually being a good bill and of course

معاشرے میں یہ issues ہیں۔ میرے خیال سے ان کو ہفتہ یا دس دن دے دیں تو اس میں کوئی اتنا issue نہیں ہونا چاہیے۔ یہ یہاں سے بھجوا دیں کہ interior اپنا note لگا کے صوبوں کو بھجوا کے ان کی input منگوا لیں۔

(مداخلت)

جناب عقیل ملک: جناب، House کی sense لے لیں۔ ویسے otherwise تو اس میں۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: چلیں House کی sense لیتے ہیں۔ ہمیں House بتا دے۔

Pointing out of Quorum

(اس موقع پر ایوان میں سینیٹر ضمیر حسین گھمرو کی طرف سے کورم کی نشان دہی کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: وہ تو quorum point out کر دیا ہے۔ جناب گھمرو صاحب نے۔ چلیں count کرا دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ بیٹھیں، کورم کے بعد، آپ پلیز بیٹھیں۔ گھمرو صاحب، آپ پلیز بیٹھ جائیں۔ کورم کی نشاندہی کرنے کے بعد آپ باہر جا رہے ہیں۔ اپنی seat پر بیٹھیں۔ جی، quorum point out ہو گیا۔ گنتی کرا دیجیے۔ جی گھنٹیاں بجا دیں۔ جی پانچ منٹ کے لیے گھنٹیاں بجا دیں پلیز۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: گھمرو صاحب، آپ کو کوئی ضروری کام تھا جس کے لیے special تشریف لائے۔ کیا کورم کی نشاندہی کے لیے آپ کراچی سے ٹکٹ کٹوا کے special تشریف لائے؟ پانچ منٹ کے لیے گھنٹیاں بجائیں پلیز۔

(اس موقع پر ایوان میں گھنٹیاں بجائی گئیں)

جناب ڈپٹی چیئرمین: بٹ صاحب، اگر آپ تشریف رکھیں گے تو آپ کی گنتی ہو جائے گی، کھڑے ہو کے گنتی نہیں ہو گی۔ شاہ زیب بھائی کی بھی بیٹھ کر اور زرقا صاحبہ کی بھی بیٹھ کر گنتی ہو گی۔ دیکھیں، دونوں اطراف سے بڑی زبردست بات ہو رہی تھی اور۔۔۔ آپ بیٹھیں گے تو آپ کی گنتی ہو گی۔ آپ بھی بیٹھیں۔ آپ کو کسی نے special کمک کے لیے بلایا ہے؟ ڈاکٹر فلک ناز صاحبہ! خلیل طاہر سندھو صاحب! آپ seat پہ بیٹھیں گے تو آپ کی گنتی ہو گی جی۔

(اس موقع پر ایوان میں گنتی کروائی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: ہو گیا؟ جی، House quorum میں نہیں ہے۔ ایوان کی کارروائی بروز منگل 20 اکتوبر 2026 کو صبح گیارہ بجے تک ملتوی کی جاتی ہے۔ بہت شکریہ۔

[The House was adjourned to meet again on Tuesday, 20th October, 2026 at 11:00 am]
